نقوش و مجربات قادریہ

فرحان رضا

عبدالواجد قادری

مکتبہ جام نور دہلی

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

نقوش و مجربات قادریہ

فرحان رضا

عبدالواجد قادری

مکتبہ جام نور دہلی ۶

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

T- (70)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ ۝ (قرآن کریم)

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی شفا دیتا ہے (کنز الایمان)

بزرگانِ دین اور علماءِ شرع متین کے دعاء و نقوش کا بیش بہا مجموعہ

مسمّٰی باسمِ تاریخی

نقوش و مجرّبات قادریہ

سنہ ۱۴۲۸ھ

فیضانِ کرم

مولانا عبد الواجد صاحب قادری رضوی مفتی اعظم ہالینڈ

امین شریعت مرکزی ادارہ شرعیہ (ھند)

زیر اہتمام

القرآن اسلامک فونڈیشن نیدرلینڈ (رجسٹرڈ)

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

انتباہ

جملہ حقوق کتابت وطباعت بحق اسلامک فونڈیشن نیدرلینڈ محفوظ ہیں

نام کتاب ـــــــــ نقوش ومجربات قادریہ

نگاہِ عنایت ـــــــــ مفتی عبدالواجد صاحب قادری (مفتی اعظم ہالینڈ)

ناشر ـــــــــ القرآن اسلامک فونڈیشن نیدرلینڈ

جامع ومرتب ـــــــــ مولانا سبحانی ازہری ثقافی

ہدیہ ـــــــــ

ملنے کے پتے

۱۔ مکتبہ جام نور۔ ۴۲۲ مٹیا محل جامع مسجد، دہلی (انڈیا)

۲۔ اسلامک فونڈیشن، خرونہ فین ۱۱۔ FA ۱۱۰۳ آمسٹرڈم ہالینڈ

۳۔ قادری منزل محلہ قلعہ گھاٹ۔ دربھنگہ ۸۴۶۰۰۴ بہار انڈیا

عبدالمصطفیٰ
محمد سرفراز نوری

نوید مزاری
05/07/2012

انتساب

ان مخلصین عاملینِ کرام کے نام
جنہوں نے اپنے قیمتی اوقات کا تھوڑا سا حصہ
عامۃ المسلمین بلکہ عامۃ الناس کی فریاد رسی
کے لئے وقف کر رکھا ہے۔

فریادی
عبدالواجد قادری غفرلہ
۱۱ر جولائی ۲۰۰۸ء

فرحان رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

فہرست نقوش و مجرباتِ قادریہ

مضامین	صفحات	مضامین	صفحات
اندرونی ٹائیٹل	۱	بچوں کی حفاظتِ جان	۲۲
انتباہ	۲	کم سنی میں مرنے والے بچے	″
انتساب	۳	سوتے میں چونکنے والے بچے	۲۳
فہرست	۴	بلاؤں سے حفاظت	۲۴
منظور ہے گذارش احوالِ واقعی	۹	بچوں کی حفاظت کے نقوش	۲۵
اصول ۱ تعویذ نویسی کے شرائط	۱۱	بچہ اگر دودھ نہیں پیتا ہو	″
اصول ۲ (ماہِ ثابت وغیرہ کی تقسیم)	۱۲	بچہ اگر روتا ہو	۲۶
اصول ۳ ۴ ۵	۱۳	دانت نکلنے کی تکلیف	″
ساعاتِ روز و شب	۱۴	بچوں کی سلامتی کے لئے	″
اصول ۶ (اوراد و نقوش کی زکوٰۃ)	۱۵	خاص کر لڑکیوں کے لئے	۲۷
دعاء حصار	۱۷	غیر شادی شدہ لڑکیوں کے لئے	۲۸
درودِ اسمِ اعظم	۱۸	غیر شادی شدہ لڑکا و لڑکی کے لئے	۳۰
حفاظتِ جسم و جان	۱۹	برائے کشادن بخت فرزنداں	۳۱
حفاظتِ کودکاں	۲۰	بانجھ عورتوں کے لئے	۳۳
ضدی اور رونے والے بچے	″	حفاظتِ حمل	۳۸
سوکھنے والے بچے	″	حفاظتِ حمل	″
بچوں کی بیماریاں	۲۱	بانجھ پن اگر جادو کی وجہ سے ہو	۳۹
دفع سوکھا کی خاص ترکیب	″	تسہیلِ ولادت	۴۰

مضامین	صفحات	مضامین	صفحات
تسہیلِ ولادت	۴۱	دفع آسیب	۵۴
برائے تولد فرزند ارجمند	″	آسیب	″
بند کردن خونِ رواں دورانِ حمل	۴۲	حفاظت از آسیب	۵۵
برائے امساک	۴۳	فلیتہ آسیب	″
نظرِ بد سے حفاظت	″	دفع آسیب	۵۶
نقش آیۃ الکرسی	۴۴	دفعِ سحر	″
نقش سورۂ فلق و ناس	۴۵	دفع سحر	۵۷
نقش سورۂ اخلاص	۴۶	دفع سحر و حفاظت	″
دودھ کی زیادتی کے لئے	۴۷	دفع دیو و سحر	۵۸
بچوں کا دودھ چھڑانا	″	دفع سنگ باری	۵۹
دفعِ چیچک	۴۸	آسیب کو جلانا	″
گلٹی یا گھیگھ	″	قضاءِ حاجات	۶۰
سر درد	۴۹	وسعتِ رزق	″
آدھے سر کا درد	۵۰	وسعتِ رزق	۶۱
کسی قسم کا درد	″	کبھی تنگدست نہ ہو	۶۲
دردِ سینہ	۵۱	حاجت برآری	۶۳
دردِ ناف	″	جملہ قضائے حاجات	″
ناف کا ٹلنا	″	جب حاجتیں پوری نہ ہوں	۶۴
برائے دفع آسیب و سحر	۵۲	برائے ہر مہم	۶۵
دوسری صورت	۵۳	فتوحات	″

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مضامین	صفحات	مضامین	صفحات
برائے ہمہ حاجات	٦٦	برائے قوۃِ حافظہ	٧٥
متفرقات	٦٧	دفع مورچہا	″
بدخوابی	″	دفع مگسہا	٧٦
برائے واپسی مفرور	″	دفعِ زنبور	″
احتباس بول	٦٨	سانپ، بچھو	″
برائے فتحیابی	٦٩	سانپ کے کاٹے کا مجرب عمل	″
عادتِ بد	″	دفعِ موش	٧٧
اگر کتا کاٹ لے	″	دفع وساوس	٧٨
دم حیض اگر بند ہوجائے	٧٠	برائے سفیہہ	″
خون اگر زیادہ خارج ہو	″	برائے برآمدن دنداں	″
استحاضہ	٧١	برائے دفعِ جنون	٧٩
ہولِ دل	″	برائے معلوم کردن دزد	″
پیشاب کی کثرت	٧٢	کشادن دوکانِ بستہ	″
کشادن مرد بستہ	″	دفعِ مرض پسلی	٨٠
برائے دفع جن	٧٣	نقش حزب البحر	″
برائے جمیع امراض	″	دفع رعشہ	٨١
برائے دفع بلیات ومکروہات	″	رہائی محبوس	″
دفعِ قے	٧٤	لقوہ فالج	″
دفع امراضِ قلبی	″	افزونیٔ شیر	٨٢
دفع امراضِ چشم	″	دردِ دنداں	″

مضامین	صفحات	مضامین	صفحات
تکسیر	٨٣	دفع یرقان	٩٥
سفر کرنے سے پہلے	″	مفرور کی استقامت کے لئے	٩٦
بخار	″	استحاضہ	″
دفعِ امراض	٨٤	نقوش برکت وکامیابی	٩٧
خیر وبرکت	″	دفع بدخوابی	″
آنکھوں کی روشنی کے لئے	″	دافع دردِ بدن	٩٨
آنکھوں کے درد کے لئے	٨٥	دردِ گردہ	″
مجرباتِ قادریہ	٨٦	دافعِ احتلام	″
دفع شدتِ بخار	٨٧	سستی وکاہلی	″
دفعِ دردِ شکم	″	کثرتِ فروختگی	٩٩
دفع دردِ جسم	″	غبی طالب علموں کے لئے	″
دفع دردِ سر	٨٨	خارش اور دردِ بدن کا علاج	١٠٠
دفع دردِ ناف	٨٩	امراضِ مہلکہ	١٠١
برائے گریختہ	″	خون کی کمی	″
برائے واپسی مالِ مسروقہ	٩٠	نقوش کامیابی کاروبار	١٠٢
دفعِ آسیب	″	نقش عداوت	١٠٣
مکتوب برائے اجنہ وآسیب	٩١	دافعِ رجعت	١٠٤
دفع سحر واجنہ	٩٢	دشمن کو دوست بنانا	١٠٥
دفع سحر وآسیب کا ایک اور نقش	٩٤	دوکانداری وتجارت میں کامیابی	١٠٦
نقش سیفی دافع سحر	٩٥	مالِ مسروقہ کی واپسی	″
		مرضہائے لاعلاج	″

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مضامین	صفحات	مضامین	صفحات
ہر قسم کے درد کا دفعیہ	۱۰۷	حیض کی کمی بیشی	۱۱۱
محبتِ زوجین	″	دفعِ قَے	۱۱۲
چوروں سے حفاظت	۱۰۸	دودھ بڑھانے کے لئے	″
کثرتِ حیض	″	دافعِ بلایا	۱۱۳
امراضِ بدنیہ	۱۰۹	دفعِ نامردی	″
دفعِ سستی	″	تسخیرِ احبّہ	″
واپسیٔ مفرور	″	گنج گرانمایہ (پنج گنج قادری)	۱۱۴
واپسیٔ مفرور	۱۱۰	ختم قرآن	۱۱۶
استقرارِ حمل مجرب	۱۱۱		

... واقعی

فی زمانہ عاملوں کی کمی اور حاجت مندوں کی زیادتی سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے جس کو تعویذات و نقوش میں ذرا بھی سوجھ بوجھ ہے وہ بمصداق ایک انار و صد بیمار حاجت مندوں کے درمیان گھرا رہتا ہے ہر چند کہ نقوش و تعویذات میں انہماک تقریباً تضیع اوقات اور اہل ہمت کیلئے اپنی اہم ضرورتوں سے انصراف ہے لیکن جب خوش عقیدہ مسلمان بھی اپنی حاجتوں میں غیروں کی طرف رجوع کرنے لگیں تو ایسی صورت میں تعویذات و نقوش کے جانکاروں پر ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے اوقات عزیز میں سے تھوڑا وقت نکال کر ارشاد نبوی مَنْ استطاع منکم ان ینفع اخاہ المسلم فلینفع کے مطابق ایسے حاجتمند بھائیوں کی مدد کریں اور خیر الناس من ینفع الناس کے خانے میں داخل ہوں۔ تاکہ مسلمان کی خوش عقیدگی مجروح نہ ہو اور ان کی حاجت اپنے گھر ہی سے پوری ہو جائے بلکہ تالیف قلوب کے پیش نظر وہ نقوش جو صرف اعداد پر مشتمل ہوں غیر مسلموں کو بھی دیئے جا سکتے ہیں ..... یوں فقیر نہ عامل ہے نہ اس کا اہل مگر عاملین کرام، علمائے اعلام اور اسلاف عظام نے محض اپنے حسن ظن اور خوردہ نوازی کی وجہ سے جن تعویذات و نقوش اور دعاؤں کی اجازت مرحمت فرمادی ان کو استعمال میں لانے کے بعد میں خود بہت زیادہ متاثر ہوا اور جن جن حاجتمندوں کو دیا امید سے زیادہ فائدہ پہنچا۔ بعض خدا رسیدہ فقیروں اور درویشوں کے علاوہ مندرجہ ذیل باعظمت حضرات نے ازرہ شفقت بعض سلاسل اور تعویذات و نقوش کی اجازتیں عطا فرمائیں جو بھی سنی مسلمان ان تعویذات سے فائدہ اٹھائے ضروری ہے کہ ان حضرات کو دعوات صالحہ میں یاد رکھے۔

۱۔ جدامجد حافظ السیر حضرت مولانا حافظ محمد میاں صاحب اشرفی رحمۃ اللہ علیہ

فرمان علی
FREE AMLIYAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۲۔ لطف مجسم حضور سیدی الکریم مفتیٔ اعظم ہند علیہ الرحمۃ والرضوان۔ ۳۔ استاذ و مربی مرشدی ومولائی حضور مفسر اعظم ہند علیہ الرحمۃ والرضوان ۴۔ مصدر کرم حضور سیدی محدث اعظم ہند علیہ الرحمۃ والرضوان ۵۔ سلطان المناظرین حضرت العلام مولانا شاہ رفاقت حسین صاحب علیہ الرحمہ ۶۔ استاذ مکرم حضرت علامہ شاہ احسان علی صاحب قبلہ محدث فیض پوری علیہ الرحمہ ۷۔ صاحب الفضیلۃ حضرت شیخ الاستاذ علامہ احمد شاذلی عوفہ ۸۔ سماحۃ الشیخ حضرت علامہ شاہ فضل الرحمٰن صاحب قبلہ جانشین حضور قطب مدینہ رحمۃ اللہ علیہما والرضوان ۹۔ قاضی شریعت حضرت مولانا فضل کریم صاحب علیہ الرحمۃ۔

ان بزرگوں میں سے بعض حضرات نے اپنی بیاض کا وہ حصہ بھی عطا فرمایا جو اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام احمد رضا شیخ المشائخ حضور اشرفی میاں اور حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مستخرجہ تعویذات ونقوش پر مشتمل ہے۔ اس ذخیرۂ تعویذات میں سے جن نقوش کو مجرب اور تیر بہدف پایا انہیں تعویذات پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

اس کتاب کا تاریخی نام "مجرب تعویذات سیفی" ۱۹۹۲ء رکھا گیا تھا لیکن ابتداءً اس کی کتابت ابھی نہیں ہوئی اور بعض اعدادی غلطیاں بھی اس میں رہ گئیں پھر انہی غلطیوں کے ساتھ بار بار اسکی اشاعت بھی ہوتی رہی جسکے لئے میں معذرت خواہ ہوں۔ اب جبکہ دو چار دنوں کی فرصت ملی ہے بحمدہ تعالیٰ اسکی تصحیح از سر نو کر ڈالی اور اسکا دوسرا تاریخی نام "نقوش ومجربات قادریہ" ۱۴۲۸ھ رکھ دیا۔ مولیٰ تعالیٰ اسے بھی قبولیت سے مشرف فرمائے۔ آمین۔

نقش لکھنے والوں پر ضروری ہے کہ نقش وتعویذات لکھنے سے پہلے اسکے اصول وضوابط کا پورا پورا خیال رکھیں تاکہ نشانہ چوکنے نہ پائے۔ فقط

ہیچمداں

فقیر عبدالواجد قادری غفرلہٗ

اصول (۱)

ا۔ نقوش وتعویذات کے لکھنے والے کا سنی صحیح العقیدہ مسلمان ہونا ضرور ہے۔

ب۔ فرائض وواجبات کو اسکے وقتوں پر ادائیگی اور محرمات سے بیزاری ضروری ہے۔

ج۔ سنن ومستحبات اور آداب بزرگانِ دین کا حریص ہو۔

د۔ کم بولنے، کم سونے اور کم کھانے کا عادی ہو۔

ھ۔ حرام وناجائز کاموں کیلئے تعویذات ہرگز نہ لکھے۔

و۔ دوستی ودشمنی کی تعویذیں تفصیلات معلوم ہونے کے بعد ہی لکھے۔

ز۔ ایسی روشنائی کا استعمال نہ کرے جس میں اسپریٹ یا کسی ناپاک سیال کی آمیزش ہو

ح۔ ناپاکی کی حالت میں کوئی نقش وتعویذ نہ لکھی جائے جہاں تک ہو سکے اپنے ظاہر و باطن اور تعویذ لکھنے کی جگہ کو خوشبو سے معطر رکھے۔

ط۔ جو تعویذ جس برج میں لکھنا ہے اسکو اسی میں لکھے مثلاً رزق کی فراخی عزت ومرتبہ کی حصول یابی برج ثابت میں، مقہوری دشمن، بغض وعداوت برج منقلب میں اور حب وتسخیر وغیرہ برج ذوجسدین میں لکھے جائیں ورنہ اثر الٹا ہو سکتا ہے۔

ی۔ قمر در عقرب میں کوئی تعویذ نہ لکھی جائے خواہ قمر در عقرب ماہ ثابت ہی میں کیوں نہ ہو۔

ک۔ نحس تاریخوں میں بھی تعویذات لکھنے اور نیا کام شروع کرنے سے گریز لازم ہے۔

ل۔ تعویذ لکھنے سے پہلے بارگاہِ رسالت میں درود وسلام پیش کرے اور بارگاہِ غوثیت سے مدد طلب کرے

م۔ نقوش وتعویذات لکھنے کی اُجرت طلب نہ کرے اگر کوئی اپنی خوشی سے ہدیہ ونذر پیش کرے تو بہ نیت صالحہ قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

ن۔ جب کسی مریض وحاجتمند کو کوئی نقوش وتعویذ دی جائے تو انہیں تاکید کر دی جائے

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کہ تعویذ کو استعمال کرنے سے پہلے حسب استطاعت کچھ صدقہ و خیرات کر دیں۔

اصول (۲)

ایک سال میں بارہ مہینے یا بارہ بروج ہوتے ہیں جو بحکم الٰہی اپنے اپنے دائرہ میں دور کرتے رہتے ہیں۔ تعویذ و نقوش لکھنے والوں کیلئے اسے تین فصلوں پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ثابتؔ، منقلبؔ اور ذوجسدینؔ۔ جو تعویذیں ماہ ثابت میں لکھی جائیں گی وہ منقلب میں نہیں اور جو منقلب میں لکھی جائیں گی وہ ذوجسدین میں نہیں۔ ان مہینوں کو قمری اعتبار سے تقسیم کرنا بہت مشکل ہے کیوں کہ قمری مہینے سال میں دس دن گھٹتے رہتے ہیں اور شمسی مہینوں میں بھی ہر چار سال میں ایک دن کا فرق پڑتا ہے۔ لہٰذا انھیں فارسی یا ہندی مہینوں میں تقسیم کرنا زیادہ مناسب ہے جو گھٹتے بڑھتے نہیں اور اگر کبھی گھٹ بھی جائے تو سال کے اختتام سے پہلے پہلے اسے پھر بروج کے مطابق کر دیا جاتا ہے اس لئے بہتر ہے کہ ثابت و منقلب اور ذوجسدین کی تقسیم کو ہندی میں سمجھا جائے۔

ماہ منقلب ہندی و بروجی (۱)	ماہ ثابت ہندی و بروجی (۲)	ماہ ذوجسدین (۳)
بیساکھ (حمل)	جیٹھ (ثور)	اساڑھ (جوزا)
ساون (سرطان)	بھادوں (اسد)	کنوار (سنبلہ)
کاتک (میزان)	اگھن (عقرب)	پوس (قوس)
ماگھ (جدی)	پھاگن (دلو)	چیت (حوت)

اصول (۳)

عام جنتریوں میں قمر در عقرب کی صحیح تاریخیں درج نہیں ہوتیں جسکی وجہ سے نقوش بھرنے والوں کو پریشانیوں میں مبتلا ہونا پڑتا ہے۔ اور یہ بھی ہندی مہینوں کے ہی اعتبار سے معلوم ہوگا کہ قمر در عقرب کن کن تاریخوں میں ہے۔ شمسی اعتبار سے اسکی مطابقت ہو سکتی ہے۔ مگر چار سال کے بعد ایک دن کا فرق ہو جائے گا ان تاریخوں میں نہ کوئی نیا عمل شروع کرے اور نہ تعویذ لکھے ہاں اگر عمل کے درمیان یہ تاریخیں آجائیں تو حرج نہیں ہے۔

۱۱ اساڑھ، ۸ ساون، ۶ بھادوں، ۳ آسن کنوار، ۱ کاتک، ۲۸ اگھن، ۲۶ پوس، ۲۳ ماگھ، ۲۱ پھاگن، ۱۸ چیت، ۱۶ بیساکھ، ۱۳ جیٹھ۔

اصول (۴)

نقوش پر کرنے والوں کیلئے ضروری ہے کہ سعد و نحس اوقات کا بھی خیال رکھیں جو سات ستاروں سے متعلق ہیں اور اسکی تفصیل یہ ہے۔ ۱۔ مشتری سعد اکبر ۲۔ زہرہ سعد اصغر ۳۔ عطارد مشترک ۴۔ شمس سعد ۵۔ قمر سعد ۶۔ زحل نحس اکبر ۷۔ مریخ نحس۔

سعد اکبر، سعد اصغر سعد اور مشترک اوقات میں محبت، شفائے امراض غائب کو حاضر کرنے، اخلاق و الفت، خواب بندی وغیرہ کے نقوش و تعویذات لکھے جائیں گے جبکہ نحس اکبر اور نحس کے اوقات میں عداوت بغض اور ہلاکت دشمنان کے اعمال و ترکیب کئے جائیں گے۔ کسی بھی عمل کے چلہ کی ابتدا وقت سعد میں ہوگی اور تعویذوں کی زکوٰۃ بھی وقت سعد ہی میں دی جائے گی۔

اصول (۵)

جب سعد و نحس کے اوقات معلوم ہو گئے تو یہ بھی معلوم ہونا ضروری ہے کہ کس دن کن کن وقتوں میں ساعت سعد ہے اور کن کن

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

وقتوں میں ساعت نحس ہے۔ ہر ایک دن کے چوبیس گھنٹوں کو ذیل کے نقشہ میں ظاہر کر دیا گیا ہے تاکہ نقوش پُر کرنے والوں کیلئے کوئی دشواری باقی نہ رہے۔ یہ نقشہ بیاض حامدی سے میں نے حاصل کیا ہے جو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا مستخرجہ ہے۔ نقشہ یہ ہے۔

ساعاتِ روز

ساعات	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

ساعات شب

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
چہار شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زحل
پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

اصول ۶

نقوش لکھنے والے حضرات حتی الوسع اس بات کی کوشش کریں کہ نقوش لکھنے کی جگہ مقرر ہو اور اگر کثرتِ سفر وغیرہ کی وجہ سے یہ ناممکن ہو تو ایک ایسی جائے نماز کا انتظام کریں جو سفر و حضر میں ساتھ رہے اور اسی پر بیٹھ کر تعویذ و نقوش لکھے جائیں امید ہے کہ مکانِ واحد کی برکت اس میں بھی حاصل ہوگی نیز موکلین کو وہاں آنے اور بیٹھنے میں کوئی توحش نہیں ہوگا۔

نوٹ:۔ ہر تعویذ و نقوش لکھنے والوں کو چاہیے کہ وہ ان اصول ستہ کو پیش نظر رکھیں تاکہ ان کی محنت رائیگاں نہ جائے اور حاجت مندوں کو پورا پورا فائدہ پہنچ سکے

کسی بھی کتاب سے نقوش نقل کرنے سے پہلے بطور خود اس کی جانچ اچھی طرح کر لینی چاہیے کہ کہیں کتابت و طباعت کی لاپرواہی سے اعداد کچھ کے کچھ تو نہیں ہو گئے ہیں کیونکہ اعدادی غلطیاں اکثر و بیشتر مطبوعہ کتابوں میں دیکھنے کو ملتی ہیں۔

کسی بھی نقش یا دعا کو استعمال کرنے سے پہلے اسکی زکوٰۃ ادا کر دینی لازم ہے اور اکثر نقوش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ متعلق نقش کو روزانہ چالیس عدد لکھا جائے اور جو یا گیہوں کے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا بہتے پانی میں ڈال دیا جائے۔ جب اکتالیس دن اسطرح گذر جائیں گے تو اس نقش کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اور اس کے استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہو جائے گا۔ اس طرح جس دعا کو استعمال میں لانا چاہیں اس دعا کے اعداد ابجدی نکال لئے جائیں اور اپنے نام کے اعداد سے ضرب دیکر محصلہ اعداد کو چالیس سے تقسیم کر دیں پھر اعداد مقسوم کے مطابق چالیس دنوں تک پڑھیں اس دعا کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور وہ دعا عمل میں آجائے گی۔ مثلاً حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو عمل میں لانا ہے تو پہلے اسکے اعداد ابجدی نکال لئے گئے جو چار سو پچاس ۴۵۰ اس ہیں اور مثلاً عبدالواجد ان کلمات کریمہ

کو عمل میں لانا چاہتا ہے تو عبدالواجد کے اعداد بھی نکالے جائیں گے جو ایک سو اکیس ہیں پھر چار سو پچاس کو ایک سو اکیس سے ضرب دیا جائے گا جو چون ہزار ۵۴۴۵۰ چار سو پچاس بنے گا اور پھر ان اعداد محصلہ کو جب چالیس سے تقسیم کیا جائے گا تو ایک ہزار تین سو اکسٹھ اعداد حاصل ہونگے جسکو روزانہ چالیس دنوں تک پڑھنا ہے اور بقیہ دس عدد کو آخری دن کے وظیفہ میں شامل کرلینا ہے۔ چالیس دن مکمل ہوجانے کے بعد ان کلمات کریمہ کی زکوٰۃ بھی ادا ہوجائے گی اور وہ عمل میں بھی آجائے گا اور ان کلمات کی جو خصوصیات ہیں عامل اس سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے دوران عامل کو بہت ہی محتاط رہنے کی ضرورت ہے روزانہ غسل کرے خوشبو لگائے پاکیزہ اور حلال چیزوں ہی کو استعمال کرے عام لوگوں سے ملنے کو بھی ترک کردے اگر ہو سکے تو ترک حیوانات جلالی بھی کرے ورنہ ترک حیوانات جمالی تو نہایت ہی ضروری ہے اور وہ یہ ہے۔ کہ چلہ یا زکوٰۃ کی ادائیگی کے دوران گوشت، مچھلی، سرکہ، پیاز، لہسن دہی، مٹھائی، میوہ جات، اور تیل، گھی، مکھن وغیرہ کا استعمال نہ کرے اور اس دوران نہ تو حجامت بنوائے، نہ ناخن ترشوائے اور نہ ہی سلا ہوا کپڑا پہنے۔

اس زمانۂ قحط العمل میں اگر حیوانات جلالی و جمالی کا چھوڑنا ناممکن ہو تو کم از کم محرمات سے اجتناب تو بہرحال لازم ہے کہ بغیر اس کے آدمی صحیح طریق پر عامل نہیں ہو سکتا اور یہ بھی اسی وقت ہو سکتا ہے جب کوئی عامل بطور خاص کسی کو اس طرح عمل کرنے کی اجازت دیدے۔

تعویذ و نقوش نویسی مکمل ایک فن ہے اور فن بھی ایسا جس میں متعدد فنون کی ضرورت پڑتی ہے۔ لہٰذا اس میں پڑنا ہر کس و ناکس کا کام نہیں اسلئے طمع کنندگان سے گذارش ہے کہ جب تک اس فن میں کچھ سوجھ بوجھ نہ ہو یا کسی عامل کی سرپرستی حاصل نہ ہو اسکی جانب نگاہِ طمع نہ اٹھائے تاکہ خود بھی محفوظ رہے اور دوسروں کو بھی محفوظ

رکھ سکیں۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

دعاءجو

عبدالواجد قادری غفرلہٗ

۱۹ر فروری ۲۰۰۸ء

دُعاءِ حِصار

عامل جب کسی عمل کی ابتدا کرے، نقش و تعویذ لکھے یا کسی آسیب زدہ یا مسحور کو دم کرنا چاہے یا کسی اجنبی مکان میں داخل ہو یا ڈر خوف کا اندیشہ ہو تو مندرجہ ذیل دعاء حصار کو ایک مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور داہنے کان کے اردگرد تین مرتبہ گھمائے انشاء اللہ تعالےٰ تمام بلیات و آفات اور رجعت وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ بہتر یہ ہے کہ ہر نماز پنجگانہ کے بعد اور تازہ وضو کے بعد یہ عمل کر لیا کرے تاکہ ہمہ وقت کیلئے محفوظی ہوجائے یہی مشائخ قادریہ رضویہ کا معمول بھی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ گرد من و گرد خانۂ من و گرد زن و فرزندانِ من و گرد مال و دوستانِ من حصار حفاظت تو شود تو نگہدار باشی آمین یَا اللّٰہُ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وبحق اَھْیَا اَشْرَاھْیَا عَلِیْقَا مَلِیْقَا تَلِیْقَا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِی الْقُلُوْبِ وَبِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِحَقِّ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ ۝

FREE AMLIYAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

درود اسمِ اعظم

اس درود و سلام کی بیشمار عظمتیں اور برکتیں ہیں چاہیے کہ ہر دعا کے اوّل و آخر اور نقوش و تعویذات لکھنے سے قبل تین تین بار پڑھ لیا جائے اس درود کے عاملین کیلئے ابر و باد طوفان و رعد مسخر کر دیئے جاتے ہیں۔ اس درود پاک کا دوسرا حصہ حضرت سیدنا خضر علیٰ نبینا و علیہ السلام کا خاص عطیہ ہے جو انہوں نے مقام ابراہیم اور حطیم کے درمیان مطاف شریف میں حضور سیدی مفسر اعظم ہند علیہ الرحمہ کو عطا فرمایا تھا۔ اور مفسر اعظم علیہ الرحمہ تازیست اس کے عامل اور عاشق و شیدا رہے۔ اکثر و بیشتر فرماتے تھے کہ روحانی و عرفانی جو بھی مدارج مجھے ملے ہیں وہ سب اسی درود پاک کی برکت ہے جو اسکا عامل ہو جائے گا اسکی دینی و دنیوی ضرورتوں حاجتوں کا یہ درود کفیل ہو جائیگا۔

درود اسم اعظم یہ ہے۔

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

اس کا نقش معظم بھی تمام دنیاوی و دینی حاجات کا ضامن ہے حسب ترکیب مذکور اس کی زکوٰۃ ادا کر کے عمل میں لانا چاہیے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۰	۳۵۳	۳۵۶	۳۴۳
۳۵۵	۳۴۳	۳۴۹	۳۵۴
۳۴۴	۳۵۸	۳۵۱	۳۴۸
۳۵۲	۳۴۷	۳۴۵	۳۵۷

حفاظتِ جسم و جان

(عطا فرمودہ حضور سیدنا مفتی اعظم ہند علیہ الرحمۃ والرضوان)

جان و مال اور مکان کو سحر و آسیب اور چوری، ڈکیتی سے بچانے کیلئے چاہیے کہ اس تعویذ کو مشک و زعفران سے خوبصورتی کے ساتھ لکھ کر مکان کے دروازے پر چسپاں کرے یا گلے میں آویزاں کرے۔ گلے میں لٹکانا مشکل ہو تو بازو پر بھی باندھ سکتے ہیں۔

نوٹ: عامل کو چاہیے کہ ط، ع، ف، ق، ھ وغیرہ حروف جو فدار ہیں ان کی آنکھیں کھلی ہوئی رہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ

۳۹۲	۹۹۱	۹۹۶	۱۳۰
۹۹۵	سلام	شافی	۹۹۲
۱۳۲	حفیظ	حافظ	۳۹۰
۹۹۰	۳۸۹	۱۳۳	۹۹۷

یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا سَلَامُ یَا کَبِیْرُ یَا مُحِیْطُ
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ حَفِیْظٌ وَصَلَّی اللّٰہُ
تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ
بَارَکَ وَسَلَّمَ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

حفاظتِ کودکان

بچوں کی حفاظت جان، اور سحر و آسیب سے بچانے کے لئے یہ نقش اعداد دیا جائے۔ یہ نقش مسلم و غیر مسلم سب کے بچوں کو دیا جا سکتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۵۰	۱۲۵۳	۱۲۵۶	۱۲۴۳
۱۲۵۵	۱۲۴۴	۱۲۴۹	۱۲۵۴
۱۲۴۵	۱۲۵۸	۱۲۵۱	۱۲۴۸
۱۲۵۲	۱۲۴۷	۱۲۴۶	۱۲۵۷

ضدی اور رونے والے بچوں کیلئے

جو بچے زیادہ روتے اور ضد کرتے ہوں مگر ان کے رونے اور ضد کرنے کی وجہ معلوم نہ ہو سکے تو ساعت شمس (یکشنبہ طلوع آفتاب کے بعد) میں یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اسکا رونا اور ضد کرنا بند ہو جائے گا۔ نقش کے نیچے تسمیہ کے ساتھ آیت کریمہ بھی لکھی جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ
اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

سوکھنے والے بچوں کیلئے

بعض بچوں کو دق الاطفال کی بیماری لگ جاتی اور بچے کھانے پینے کے باوجود سوکھنے لگتے ہیں علاج و معالجہ سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوتا تو ایسے بچوں کو سَمِّنُوْا اَضْحَايَاكُمْ کا

نقش پہنانا چاہیئے تاکہ اس کا سوکھنا بند ہو جائے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴۴۳	۴۳۶	۴۳۰	۴۴۶
۴۳۹	۴۴۷	۴۴۳	۴۳۷
۴۱۸	۴۳۳	۴۴۴	۴۳۱
۴۴۵	۴۳۰	۴۱۹	۴۳۲

بچوں کی بیماریاں

دُبلا پن کے ساتھ ساتھ اگر بچوں کو دوسری بیماریاں بھی لاحق ہوں تو مندرجہ بالا تعویذ کے ساتھ مندرجہ ذیل تینوں نقوش بھی دیئے جائیں۔

۷۸۶

قل	له	لد	يلد
ولم	لم	هو	يكن
الصمد	ولم	احد	الله
كفوًا	احد	الله	يو

۷۸۶

۳۳۲	۳۳۸	۳۳۳
۳۳۷	۳۳۴	۳۳۶
۳۳۴	۳۳۰	۳۳۵

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَه ؛ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَه

دفع سوکھا کی خاص ترکیب

اگر تعویذ مذکور کے ذریعہ بچوں کا سوکھا پن ختم نہ ہو تو اس کو دفع کرنے کی ایک خاص ترکیب یہ بھی ہے کہ ایک نیلہ بھانٹا (بیگن) بڑے سائز کا لے کر اتوار کے دن پہلی ساعت میں یہ نقش تین طرف چاقو کی نوک سے کندہ کرے اور جہاں بچہ سوتا ہے۔ وہاں اس بیگن کو لٹکا دے۔ جیسے جیسے بیگن سوکھتا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ بچہ فربہ ہوتا جائے گا۔ یہ ترکیب بارہا آزمایا گیا اور صحیح اترا۔

نمبر صرف ترتیب کیلئے ہے۔

۶	۱	۸
۱	۵	۹
۸	۹	۲

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بچوں کی حفاظتِ جان

بچے پیدا ہونے کے بعد اگر اُمُّ الصِّبیان وغیرہ مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہوں اور علاج و معالجہ کے باوجود بچوں کو بچانے میں کامیابی نہیں ہوتی ہو۔ تو اس ترکیب روحانی کو عمل میں لانا چاہیے۔ بفضلہ تعالیٰ وہ بچے صحت و سلامتی کے ساتھ درازیٔ عمر کو پہنچیں گے۔

ترکیب یہ ہے: بچہ کی پیدائش کے بعد اس کے پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی کے بالوں تک کچے کبود (چتکبرہ) دھاگے سے ناپ لینا چاہیے۔ پھر اس دھاگے کو اکتالیس گنا کر کے سورۂ یٰسٓ شریف کو باوضو پڑھنا شروع کرے ہر مبین پر پہنچنے کے بعد ایک ایک گرہ اس دھاگے میں لگاتا جائے۔ ساتویں گرہ لگا دینے کے بعد بھی سورۃ کریمہ کو اخیر تک پڑھ جائے اور اس دھاگے کو بچے کے گلے میں ڈال دے۔ اور گھر کی پکی ہوئی کسی میٹھی چیز پر حضور غوثیت مآب پیران پیر دست گیر شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام سے خصوصی فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دے۔ فاتحہ کا یہ سلسلہ گیارہ مہینوں یا گیارہ سال تک ہر چاند کے مہینے کی گیارہ تاریخ کو وقتِ مقررہ پر جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بھی محفوظ رہے گا اور فاتحہ کی برکات و تجلیات سے پورا گھر معمور ہو جائے گا۔ بشرطیکہ مقررہ تاریخ و وقت کا پورا پورا خیال رکھا جائے اور کسی پرہیزگار سنی مسلمان سے فاتحہ کرائی جائے۔

کم سنی میں مرنے والے بچوں کی حفاظت

جس کے بچے بغیر کسی بیماری وغیرہ کے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہوں۔ یا کچھ دنوں کے بعد مر جاتے ہوں اور ان کے مرنے کا سبب معلوم نہ ہو سکے تو ان کے لئے ان تینوں تعویذوں

کو ان کی چھٹی (چھٹھا دن) کے دن ساعت سعید میں لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیں۔ خدا نے چاہا تو تمام آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ و مامون رہیں گے اور عمرِ دراز کے مالک ہونگے۔

نوٹ: ساعتِ سعید معلوم کرنے کیلئے نقشۂ ساعاتِ شب و روز دیکھ لینا چاہیے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

۷۸۶

۲	۱
۸ ۹	
۷ ۴	
۳	۶

۷۸۶

۲۴	۲۷	۳۰	۱۷
۲۹	۱۸	۲۳	۲۸
۱۹	۳۲	۲۵	۲۲
۲۶	۲۱	۲۰	۳۱

یَابُدُّوحُ یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ بِحَقِّ عَلِیقًا مَلِیقًا تَلِیقًا خَالِقًا مَخْلُوقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بِحَقِّ یَابُدُّوحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ بِحَقِّ آسًا تَاسًا لَاسًا لُوسًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ یَااَللّٰهُ الشَّافِیْ یَااَللّٰهُ الْکَافِیْ یَااَللّٰهُ الْمُعَافِیْ۔

نوٹ:۔ یہ ترکیب و تعویذ سیدی حضرت احمد شاذلی نبیرۂ سید العارفین سیدنا امام علی بن حسن شاذلی عورفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کا بدستِ خود عطا فرمودہ ہے جو حفاظتِ جان و ایمان کیلئے نہایت مجرب ہے اور اس سے سحر و جنون کا اثر بھی زائل ہو جاتا ہے۔

سوتے میں چونکنے والے بچے

جو بچے سوتے میں چونکتے ہوں یا چونک کر روتے ہوئے بیدار ہو جاتے ہوں انکے لئے اور بڑے بوڑھوں کیلئے یہ نقش نہایت مفید ہے۔ نقش کے نیچے آیت کریمہ تحریر کی جائے اور چونکنے والے کا نام مع والدہ کے لکھا جائے۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

فلاں ابن فلانہ خواب میں نہ ڈرے باذنہ تعالیٰ اس کام کیلئے ذیل کا نقش بھی بارہا کا آزمودہ ہے آپ بھی آزما کر دیکھئے۔

۷۸۶

عہ	۶	۸	۲
۸	۲	عہ	۶
۲		۶	عہ
۶	عہ	۲	۸

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ فلاں ابن فلانہ خواب میں نہ ڈرے باذنہ تعالیٰ۔

بلاؤں اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

کوئی شخص جب بلاؤں میں مسلسل گرفتار ہو جاتا ہو اور اسے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ یا دشمنوں کی نگاہوں پر چڑھا ہوا ہو دشمن اسے ہر طرح سے پریشان کر رہے ہوں تو اسے چاہئے کہ مندرجہ ذیل تعویذ کو مشک و عنبر سے کم از کم چار عدد لکھے ایک گلے میں آویزاں کرے اور بقیہ سات سات دنوں تک پینے میں استعمال کرے۔ یعنی ایک تعویذ پانی سے بھرے بوتل میں ڈال دے اور صبح و شام ایک ایک کپ سات دنوں تک پیئے جب پانی کم ہو جائے تو تازہ پانی اس میں ملاتا جائے اسی طرح دوسرے اور تیسرے ہفتہ میں بھی کرے بعونہ تبارک و تعالیٰ بلاؤں اور دشمنوں سے نجات مل جائے گی۔

بچوں کی حفاظت کیلئے نقوش دیگر

یہ دونوں تعویذیں بھی بچوں کی حفاظت کے لئے مجرب ہیں۔ زعفران و مشک سے لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالیں۔ نقش اول حفاظتِ حمل میں بھی مفید ثابت ہوا ہے۔۔۔۔

۷۸۶

یاوکیل	یارقیب	یاحفیظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحفیظ	یارقیب	یاوکیل
یارقیب	یاوکیل	یاحافظ	یاحفیظ
یاحفیظ	یاحافظ	یاوکیل	یارقیب

۷۸۶

ط	ی	ح	م
م	ح	ی	ط
ی	ط	م	ح
ح	م	ط	ی

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ ۝

بچہ اگر دودھ نہیں پیتا ہو

یہ دونوں نقوش کو زعفران سے لکھ کر ماں یا گائے کے دودھ میں دھو کر بچہ کو پلائیں اور یہی نقش لکھ کر بچہ کے گلے میں لٹکائیں۔

۷۸۶

۹۴۴	۹۴۷	۹۵۱	۹۳۷
۹۵۰	۹۳۸	۹۴۳	۹۴۸
۹۳۹	۹۵۳	۹۴۵	۹۴۲
۹۴۶	۹۴۱	۹۴۰	۹۵۲

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

فرحان رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بچہ اگر روتا ہو

اور اس کے رونے کا سبب بھی معلوم نہ ہو۔ ہر ممکن طریقے سے خاموش کرنے کے بعد بھی بچہ خاموش نہ ہو تو اس تعویذ کو زعفران یا پاک روشنائی سے لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ رونا چھوڑ دیگا۔

۷۸۶

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

بچوں کے دانت بے تکلف نکل آئیں

بچوں کے دانت نکلنے کی عمر انکے لئے نہایت تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پیٹ کی مختلف بیماریوں میں وہ مبتلا ہو جاتے ہیں۔ رات رات بھر روتے اور شور مچاتے رہتے ہیں جسکی وجہ سے دوسرے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے ایسے موقع پر کسی عامل سے یہ تعویذ لکھوا کر بچے کے گلے میں ڈالدیں تاکہ اسکی تکلیف جاتی رہے اور دانت بے تکلف نکل آئیں۔

۷۸۶

۲	مسح	ع	ھو
و	۲	و	ط
سر	س	وط	و
ولا	ح	سے	حد

نوٹ: نقوش و تعویذ کیلئے یہ ضروری نہیں کہ وہ عامل کی سمجھ میں آئے وہ تو بزرگوں سے یکے بعد دیگرے منقول ہوتے ہیں۔

بچوں کی سلامتی کیلئے

اس نقش کو بچہ کے گلے میں ڈالدیں بعونہ تعالیٰ بچہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

یہ نقش بھی بچوں کی حفاظت کیلئے ہے

۷۸۶

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

بچے اگر زیادہ روئیں اور اپنی شرارتوں سے گھر بھر کو پریشان کریں تو یہ مثلث تعویذ ترتیب کے ساتھ لکھ کر تعویذ کے نیچے عبارتِ ذیل لکھے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ وہ رونے شرارت اور ضد کرنے سے باز رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اللہ یا اللہ یا اللہ

خبیر ۲	حیّ ۹	احد ۴
کبیر ۷	بصیر ۵	لطیف ۳
باری ۶	واحد ۱	قدیر ۸

یا رحیم یا رحیم یا رحیم

یا غفور یا غفور یا غفور

نوٹ:۔ اس تعویذ میں نمبرات صرف ترتیب قائم رکھنے کے لئے دیئے گئے ہیں لکھنے کیلئے نہیں۔

طہ طہ طہ طہ طہ طہ ھے ھے ھے ھے ھے ھے قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ۔ فَسَتُبْصِرُ وَیُبْصِرُوْنَ بِاَیِّکُمُ الْمَفْتُوْنُ اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِہٖ وَھُوَ اَعْلَمُ بِالْمُھْتَدِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ وَنُوْرِ عَرْشِہٖ وَزِیْنَۃِ فَرْشِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

خاص کر لڑکیوں کیلئے

لڑکیوں کے مختلف امراض و احوال کیلئے مندرجہ بالا تعویذ و اور نقوش میں سے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کسی بھی تعویذ و نقش کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جب لڑکیاں زیادہ روتی ہوں اور رونے کا سبب بھی معلوم نہ ہو سکے تو اس آیۂ کریمہ کو لکھ کر ان کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

نوٹ:۔ بچے، بچیوں کیلئے اتنی تعویذیں اور نقوش و آیات اس لئے لکھ دی گئیں تاکہ عامل اپنی سہولت کے اعتبار سے جس تعویذ و نقش کو چاہے استعمال کرائے اور جو عامل نہیں ہیں وہ ان نقوش و تعویذیں سے جسکو چاہے حسب قاعدہ اپنے عمل میں لے آئے۔

غیر شادی شدہ لڑکیوں کیلئے

۱۔ مندرجہ ذیل آیۂ ربانی اور دعا کو بسم اللہ شریف کے ساتھ لکھ کر اور موم جامہ کپڑے میں سی کر بچی کے سر کے بالوں کے اندرونی حصہ میں باندھ دے تاکہ اوپر سے نظر نہ آئے موم جامہ کپڑا اگر نہ مل سکے تو صاف ستھرے پلاسٹک میں بھی لپیٹ کر کپڑے میں سیا جا سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ اٰيَةِ هٰذِهٖ وَبِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ تَرْزُقَ هٰذِهِ الْمَرْاَةَ (اس جگہ لڑکی کا نام اسکی ماں کے نام کے ساتھ لکھیں) زَوْجًا مُوَافِقًا غَيْرَ مُخَالِفٍ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

نوٹ: مذکورہ دعا میں مَ عَ فَ قَ ھَ جو فدا ہیں لہٰذا لکھنے میں اسکا خیال رکھیں اور ان حروف کو جو فدا ہی رہنے دیں۔

۲۔ ان آیاتِ کریمہ کو خوشخط لکھ کر غیر شادی شدہ لڑکیوں کی گردن میں لٹکایا جائے جس کی برکت سے شادی کے رشتے آنا شروع ہو جائیں گے مگر نکاح میں جلدی نہ کرے بلکہ پہلے استخارہ کرلے۔ استخارہ خود لڑکی کرے یا اس کے والدین میں سے کوئی اگر خواب میں سبز یا سفید اشیاء نظر آئے تو رشتہ مناسب رہے گا۔ اور اگر خواب میں سُرخ و سیاہ کوئی چیز نظر آئے تو جس کیلئے استخارہ کیا ہے اس سے رشتہ مناسب نہیں ہے۔ اسی کتاب میں ص۲۴ پر استخارہ کا بیان ہے وہاں سے دیکھ کر اس پر عمل کرنا چاہیے۔ تعویذ کیلئے یہ آیات ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا قَرِيْبًا وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَهُوَ اَعْلَمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

۳۔ اس عمل کو بسم اللہ شریف کے ساتھ لکھ کر ناکتخدا لڑکی کے گلے میں آویزاں کرے بفضلہ تعالیٰ غیب سے جوڑ ظاہر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَلِيْمُ لَا يَعْجَلُ يَا كَرِيْمُ لَا يَجْهَلُ يَا ذَا الْجَبَرُوْتِ وَيَا ذَا الْجُوْدِ وَالْقُوَّةِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ مَحْمُوْدٌ كَرِيْمٌ مَوْجُوْدٌ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۔۔۔۔

۴۔ دختر غیر شادی شدہ کی شادی کیلئے سورۂ نساء کی پہلی آیت لکھ کر موم جامہ کے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

ساتھ اسکی گردن میں لٹکائے اور اگر غیر مسلمہ کو دینا ہو تو اسکے اعداد سے نقش مربع پر کرے اور غیر مسلمہ کے گلے میں لٹکا دے۔ مسلمہ کیلئے اگر آیتِ کریمہ کیساتھ نقشِ اعدادی بھی ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا. بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الْكَرِيْمَةِ اَنْ تَرْزُقَ (فلانہ بنت فلانہ) زَوْجًا مُوَافِقًا غَيْرَ مُخَالِفٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

آیتِ مذکورہ کا نقشِ مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۳	۳۱۴	۳۱۴	۳۱۳
۳۱۶	۳۱۴	۳۱۴	۳۱۵
۳۱۵	۳۱۳	۳۱۳	۳۱۹
۳۱۳	۳۱۸	۳۱۶	۳۱۸

اس نقش کے ذیل میں یہ لکھنا چاہیے بِحُرْمَةِ هٰذَا النَّقْشِ اَنْ تَرْزُقَ (فلانہ بنت فلانہ) زَوْجًا مُوَافِقًا غَيْرَ مُخَالِفٍ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

غیر شادی شدہ لڑکا لڑکی کیلئے ایک عظیم نعمت

یہ تعویذ و نقش بھی غیب سے جوڑا ملنے کیلئے تجربہ شدہ ہے جس لڑکے لڑکیوں کیلئے رشتہ مناکحت نہیں آتا ہو چاہیئے کہ اس تعویذ اور نقش کو ساعتِ مشتری یا زہرہ میں لکھ کر اسے لڑکے یا لڑکیوں کے گلے میں ڈال دیں۔ جو جگہ خالی ہے وہاں لڑکا یا لڑکی کا نام مع اسکی ماں کے نام کے لکھ دے۔ اگر لڑکا کیلئے لکھے تو اِلَيْهَا کی جگہ اِلَيْهِ اور حَامِلَةٍ حِجَابِىْ کی

جگہ حَامِلٍ حِجَابِىْ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَىُّ يَا حَىُّ يَا حَىُّ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا فَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَالنَّبِىِّ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ عِيْسٰى وَمُوْسٰى وَاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ تَجَلَّبُوْا اِلٰى مَحَبَّةِ ..... بِنْتِ ..... وَتَجَلَّبُوْا وَتَجَلَّبُوْا اِلَيْهَا (اِلَيْهِ) اَوْلَادَ اٰدَمَ لِلْخُطُوْبَةِ النِّكَاحِ فِى الْحَلَالِ بِحَقِّ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ وَاِنَّهٗ لَحُبٌّ يَا مُجَلِّبَ الْقُلُوْبِ اَنْ تَجَلَّبَ اَوْلَادَ اٰدَمَ اِلٰى حَامِلَةٍ (حَامِلٍ) حِجَابِىْ هٰذَا بِهَا يَظْهَرُ الْحُبُّ فِىْ قُلُوْبٍ وَاَعْيُنِ النَّاسِ بِحَقِّ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ وَبِحَقِّ مَنْ يَّقُوْلُ لِشَىْءٍ كُنْ فَيَكُوْنُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

برائے کشادن بخت فرزندان
(آخری ترکیب)

اگر رشتہ مناکحت کیلئے مختلف ترکیبوں کے بعد بھی کامیابی حاصل نہ ہو تو خود لڑکا یا لڑکی یا اس کے والدین میں سے کسی کو چاہیئے کہ وہ پہلے استخارہ کرے استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد اچھی طرح غسل کرے اور دو دو کی نیت سے چار رکعتیں ادا کرے ان رکعتوں میں کسی خاص سورۃ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے جو یاد ہو وہی پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد درود و سلام کی کثرت کرے پھر اگر ممکن ہو تو اسی جگہ ورنہ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

صاف ستھرے سونے والے بستر پر بیٹھ کر اور نیند کا غلبہ ہو تو سو کر اس دعا کو بے تعداد پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَاِنْ رَاَیْتَ اِنَّ (عَائِشَۃَ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰہِ) خَیْرًا لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْھَا لِیْ وَاِنْ کَانَ غَیْرُھَا خَیْرًا مِّنْھَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْھَا لِیْ

نوٹ: یہ اس استخارہ کیلئے دعا ہے جو لڑکا اپنے لئے کرتا ہے۔ اس دعا میں عائشہ بنت عبداللہ مثال کے طور پر لکھا گیا ہے۔ یعنی یہاں اس لڑکی کا نام ماں کے ساتھ لیا جائے گا جس سے نسبت متوقع ہے۔

اگر لڑکی اپنے لئے استخارہ کرے تو اس لڑکے کا نام اس کی ماں کے نام کے ساتھ لے جہاں سے نسبت آئی ہے۔ صرف ضمیروں میں فرق کرے مثلاً فَاقْدِرْھَا کی جگہ فَاقْدِرْہُ۔ غَیْرُھَا کی جگہ غَیْرُہٗ اور خَیْرًا مِّنْھَا کی جگہ خَیْرًا مِّنْہُ کہے

اگر والدین میں سے کوئی استخارہ کرے تو دعا میں اس لڑکا یا لڑکی کا نام لے جس سے نسبت منظور ہو اس کے بعد خَیْرًا لِّیْ نہ کہے بلکہ خَیْرًا لِّابْنِیْ فلاں کہے اس کے بعد کی تمام ضمیریں حسب حال مذکر یا مؤنث استعمال کرے۔

اس رات خواب کے اندر جو کچھ بھی دیکھے اس میں رنگ (کلر) کو اچھی طرح یاد رکھے۔ اگر سبز یا سفید کلر دیکھے تو رشتہ نہایت مبارک ہے اور اگر سرخ یا سیاہ رنگ دیکھے تو یہ رشتہ لڑکا یا لڑکی کیلئے ٹھیک نہیں ہے۔ اگر پہلی رات کامیابی نہ ہو دوسری اور تیسری رات بھی یہی استخارہ کرے۔ بالفرض اگر استخارہ کے ذریعہ کوئی رنگ نہ دکھائی دے تو جب بھی استخارہ کرنے والے کو مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ بلکہ استخارہ کے بعد جو پیر (دوشنبہ) کی رات آئے اس میں بعد نماز عشاء تازہ وضو کرے اور وضو کے بعد کسی

سے بات نہ کرے۔ بلکہ جو درود پاک یاد ہو اسے سو مرتبہ پڑھے۔ پھر سو مرتبہ کلمہ تمجید پڑھ کر روزہ کی نیت کے ساتھ سو جائے دوسرے دن (دوشنبہ کو) روزہ رکھے افطاری کے بعد نماز مغرب ادا کرے پھر دو رکعت نفل پڑھے جس کی ہر ایک رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سورۃ قل ھو اللہ شریف پڑھے اور سلام کے بعد تکیہ پر ٹیک لگا کر قبلہ رخ بیٹھ جائے اور سات بار ان کلمات کو کہے" اے بخت فرزندم بیدار شو واگر بیداری دستم بگیر" انشاء اللہ تعالیٰ ایکبار ہی ایسا کرنے پر جوڑا میسر آجائے گا۔ (بیاض حامدی)

بانجھ عورتوں کیلئے

بیاض حامدی میں عقیمہ عورتوں کے لئے بہت ساری تعویذیں اور ترکیبیں ہیں جن میں سے مخصوص پانچ قسم کی تعویذیں میں یہاں لکھتا ہوں تاکہ اہل حاجت اس سے فائدہ اٹھائیں۔ میں نے بہت سے حاجتمندوں پر اسکا تجربہ کیا جس سے ننانوے فیصد لوگوں نے فائدہ اٹھایا۔

عقیمہ کے لئے تعویذ و ترکیب سے پہلے یہ جانچ لینا ضروری ہے کہ اسکی قسمت میں اولاد بھی ہے یا نہیں اگر ترکیب سے یہ ثابت ہو جائے کہ بفضلہ تعالیٰ یہ صاحب اولاد ہو سکتی ہے تو اس کیلئے تعویذ و ترکیب ضرور کی جائے ورنہ سعی لاحاصل ہوگی ہاں اسکی تبدیلی قسمت کیلئے دعا کی جا سکتی ہے الدعاء یرد القضاء خدائے پاک پتھر سے بھی پانی نکالنے پر قادر ہے۔ جانچ کی ترکیب یہ ہے کہ جس عورت کو بچہ پیدا نہ ہوتا ہو وہ کسی جمعرات کو روزہ رکھے اور جمعرات کے دن اتنا دودھ گرم کرے جس کے پینے سے اس کی پوری سیرابی و شکم سیری ہو جائے اور دودھ بچنے نہ پائے۔ پھر اس گرم دودھ پر کسی صحیح خواں سے سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھوا کر دم کرائے اور اس وقت سے اس دودھ کو زمین پر نہ رکھے بلکہ کسی الماری یا طاق میں یا لٹکا کر رکھے پھر جب افطاری

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کا وقت آئے تو اسی دودھ سے افطاری کرے اور ساتھ ہی ساتھ سب کو پی بھی جائے پھر رات بھر کچھ نہ کھائے نہ پیئے اگر یہ دودھ صبح تک ہضم نہ ہو تو اسے راضی برضائے الٰہی رہنا چاہیے۔ اور اگر دودھ ہضم ہو جائے تو

نو عدد لونگ اور نو عدد سوکھی کھجور (خرما) حاصل کرے ہر ایک لونگ پر سات سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کرے اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِي الْبَحْرِ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۝ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۝ اِذَا اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ اور ہر ایک خرما پر نو نو بار سورہ مزمل شریف صحت کے ساتھ پڑھ کر دم کرے جب عورت حیض سے پاک ہو تو پہلی جمعرات کی رات کو سوتے وقت ایک لونگ کو خوب اچھی طرح چبا کر کھا جائے اس کے بعد نہ کچھ کھائے نہ پانی پیئے، شوہر سے ہمبستر ہو اور صبح سویرے نہا دھو کر فجر کی نماز ادا کرے، پھر جمعہ کی رات کو سوتے وقت ایک خرما کھائے اور حسبِ سابق رات گزارے اسی طرح دوسرے تیسرے ہفتہ میں بھی کرے۔ اگر آئندہ مہینہ میں حیض بند ہو گیا فبہا ورنہ پھر ترکیب بالا پر عمل کرے یہ دم کیا ہوا لونگ اور خرما تین ماہ کے لئے کافی ہے انشاء اللہ تعالیٰ ترکیب کے اندر اندر حمل قرار پائے گا۔

۲ کسی ماہ قمری کے پہلے جمعہ یا جمعرات کو بوقت طلوع آفتاب یا دوشنبہ کو آفتاب طلوع ہونے کے دو گھنٹے کے بعد کسی میٹھی چیز پر اس آیت کریمہ کو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے "اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ" دم کردہ شیرینی کو محفوظ رکھے اور جب عورت حیض سے پاک ہو تو ان اسماء کو ساعت سعید میں لکھ کر عورت کے گلے میں لٹکائے یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

یَا اِلٰهًا یَا اِلٰهَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ اَهْیًا اَشْرَاهِیًا اَهْیًا اَشْرَاهِیًا اَهْیًا اَشْرَاهِیًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بَلْ اَهْیًا اَشْرَاهِیًا۔

اور یہ نقش بھی ساعت سعید ہی میں لکھے اور چالیس دنوں تک ایک ایک پلاتا رہے اگر درمیان میں حیض آجائے تو پلانا موقوف کر دے اور طہر کے بعد پلانا شروع کر دے۔

۷۸۶

۹۱۵	۹۱۱	۹۹۲	۹۲۱
۹۹۱	۹۱۹	۹۱۲	۹۱۹
۹۱۰	۹۹۲	۹۱۶	۹۱۲
۹۱۲	۹۱۲	۹۱۱	۹۹۲

پہلے طہر کے بعد جس دن گلے میں تعویذ ڈالی جائے گی اور پینے والی تعویذ کی ابتدا ہو گی اسی رات کو دم کردہ شیرینی دونوں میاں بیوی ملکر کھائے اور ہمبستر ہو شیرینی کے بعد کوئی دوسری چیز کھانے پینے کی استعمال نہ کی جائے یہ عمل تین راتوں کو مسلسل کرے پھر چھوڑ دے اگر حیض بند ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ دوسرے تیسرے طہر میں بھی یہ عمل کرے خدا نے چاہا تو تندرست اولاد عطا ہو گی۔

۳ ایک رتی مشک اور ایک رتی زعفران کو عرق گلاب میں خوب اچھی طرح حل کرلے اور ساعت سعید میں نقش ۱ چھ عدد لکھے اور نقش ۲ و ۳ ایک ایک عدد لکھ کر رکھ چھوڑے اور جب عورت پاکی کا غسل کرے تو نقش ۱ و ۲ کو... سورہ مزمل شریف پڑھتے ہوئے بند کرے اور تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دے اور نقش ۳ کو آیۃ الکرسی پڑھ کر تعویذ بنا دے اور اسے کمر میں باندھ دے اور نقش ۱ کے بقیہ پانچ نقوش میں سے روزانہ ایک ایک نقش سوتے وقت عقیمہ کو پلائے اور ہمبستر ہو اگر مہینہ گزرنے کے بعد حائضہ ہو جائے تو دوسرے تیسرے طہر میں بھی یہی ترکیب کرے حیض کے دنوں میں گلے اور کمر کے نقوش اتار دیئے جائیں اور دوسرے تیسرے طہر کیلئے پینے کی تعویذیں از سر نو لکھی جائیں انشاء اللہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

تعالیٰ اولاد نرینہ سلیم الطبع صاحب عمر پیدا ہوگی۔

نقش ۱

۸	۴۱	۴۴	۱
۴۳	۲	۷	۴۲
۲	۴۶	۳۹	۶
۴۰	۵	۴	۴۵

نقش ۲ — ۷۸۶

یاباقی	یاحق	۱۱۵
یاجامع	۱۱۲	یاعلی
یاحنان	یاقوی	یاکافی

حروف حروف

نقش ۳ — ۷۸۶

مصور	مصور	مصور	مصور
مصور	مصور	مصور	مصور
مصور	مصور	مصور	مصور
مصور	مصور	مصور	مصور

نوٹ: تعویذ ۲، ۳ کے حروف م، ص، و، ع، ف، ق لکھنے میں جوڑا رہیں گے یعنی اسکی آنکھیں کھلی رہیں گی۔

۴۔ نقش ۱ مشک و زعفران سے لکھ کر زنِ عقیمہ کے داہنے بازو پر باندھے اور نقش ۲ گلے میں اس طرح حمائل کرے کہ ناف کے نیچے رہے اور نقش ۲ ہی کا تین عدد سوتے وقت دھو کر تین دنوں تک پیئے۔ اور شوہر کے ساتھ ہمبستر بھی ہو پھر تعویذ ۲ اسی عدد لکھ کر ایک ایک روزانہ پلانا شروع کرے اگر حمل قرار نہ پائے اور حیض شروع ہو جائے تو گلے اور بازو کی تعویذیں کھول لی جائیں اور تعویذیں پلانا بھی موقوف کر دیا جائے جب پاکی کا غسل کرے تو پھر تعویذیں باندھ دی جائیں اور بقیہ تعویذوں کا پلانا جاری کر دیا جائے دوسری بار پھر اگر حیض آجائے تو طہر کے بعد حسب سابق پھر ترکیب جاری رکھی جائے تیسرے طہر تک حمل ضرور قرار پائے گا۔

نقش ۱ ایک ہی لکھی جائے گی یہ تمام تعویذیں بھی ساعتِ سعید ہی میں لکھی جائیں اگر ابتدائے ماہ ہو تو بہتر ہے۔

نقش ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو ھو ھو ھو

۱۲۹۹	۱۳۰۲	۱۳۰۵	۱۲۹۲
۱۳۰۴	۱۲۹۳	۱۲۹۸	۱۳۰۳
۱۲۹۴	۱۳۰۷	۱۳۰۰	۱۲۹۷
۱۳۰۱	۱۲۹۶	۱۲۹۵	۱۳۰۶

نقش ۲

۱۳۰۹	۱۳۰۲	۱۳۰۵	۱۳۰۹
۱۳۰۳	۱۳۰۹	۱۳۰۹	۱۳۰۳
۱۳۰۹	۱۳۰۷	۱۳۰۰	۱۳۰۹
۱۳۰۱	۱۳۰۶	۱۳۰۵	۱۳۰۶

نقش ۳ — ۷۸۶

۱۷۳۵	۱۷۲۸	۱۷۳۳
۱۷۳۰	۱۷۳۲	۱۷۳۴
۱۷۳۱	۱۷۳۶	۱۷۲۹

۵۔ استقرار حمل کیلئے یہ ترکیب بھی نہایت مفید اور زود اثر ہے۔ چاہیے کہ نقش ۱ ایک سو ایک عدد لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دے اور نقش ۲ کو چودہ عدد لکھے جب عورت پاکی کا غسل کرے تو بیوی اور شوہر لگاتار سات دنوں تک روزہ رکھے اور افطاری کے بعد دونوں ایک ایک تعویذ کو کھا جائیں اور ساتویں رات ہمبستر بھی ہوں خدا نے چاہا تو ایک ہی ہفتہ میں کامیابی حاصل ہوگی۔

نقش ۲

ط	س	ا	ب
۱۲	۳	۳۸	۱۹
۲۳	۴	۲۷	۱۸
۲۸	۵	۶	۳۳

نقش ۱ — ۷۸۶

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۷	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

حفاظتِ حمل

جس عورت کا حمل خود بخود غائب ہو جاتا ہو یعنی حیض بند ہونے کے بعد پھر حیض جاری ہو جاتا ہو یا حمل بصورت خونِ بستہ ضائع ہو جاتا ہو اس کیلئے چاہئے کہ ایک کیلو اجوائن اور ڈھائی سو گرام کالی مرچ لیکر اسکو خوب صاف ستھرا کرلے اور دوشنبہ کے دن سورج نکلنے کے چار گھنٹے بعد پانچویں چھٹے یا ساتویں گھنٹے میں سورۃ والشمس کو چالیس بار پڑھ کر اس اجوائن اور کالی مرچ پر دم کر کے رکھ چھوڑے جب حمل قرار پائے (حیض رک جائے) تو آدھے تولہ (پانچ گرام) کے مقدار روزانہ نہار منہ کھالیا کرے اور مندرجہ ذیل تعویذ کو زعفران سے لکھ کر ایک بوتل پانی میں رکھ دے اجوائن اور کالی مرچ کھانے کے بعد اسی بوتل سے کچھ دیر کے بعد پانی پی لیا کرے یہاں تک کہ جیتا جاگتا تندرست بچہ پیدا ہو جب بھی اجوائن کھانا بند نہ کرے۔

نقش مکرم یہ ہے

یا حیّ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حیّ

۸	۳	۶	۱
۵	۲	۷	۴
۳	۸	۱	۶
۲	۵	۴	۷

ان کل نفس لما علیھا حافظ فلینظر الانسان مم خلق خلق من ماء دافق فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرحمین۔

حفاظتِ حمل

جس عورت کا حمل کچا ہی گر جاتا ہو یا حمل قرار پانے میں دشواری ہوتی ہو چاہئے کہ دونوں نقوش ذیل کو مشک و زعفران سے لکھ کر عورت کی کمر میں باندھ دے اور نویں مہینے میں ولادت

سے پہلے ان نقوش کو کھول کر علیحدہ کر دے ورنہ ولادت میں سخت ترین دشواری پیش آئے گی۔

۲۴۵ ۷۸۶ ۱۰۶

۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۷۸	۷۲	۷۸	۷۸
۱۲۹	۱۲۹	۱۲۹	۱۲۹
۲۵۸	۲۵۸	۲۵۸	۲۵۸
۲۹۸	۲۹۸	۲۹۸	۲۹۸

۳۸۲ ۲۱۹

نوٹ: شوہر اگر لکھا پڑھا ہے تو اسے چاہئے کہ حمل کے دوران مہینے میں دو تین مرتبہ اپنی حاملہ بیوی کے سینے سے سر کے بالوں تک انگشتِ شہادت کے اشارے سے یامبدی لکھ دیا کرے اس سے بھی حمل کی حفاظت رہے گی۔

بانجھ پن اگر جادو کی وجہ سے ہو

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ عقیمہ عورت طرح طرح کی دعا و تعویذ کراتی ہے مگر اس سے کامیابی نہیں ملتی جس سے عمل اور عامل دونوں بدنام ہوتے ہیں ایسے حالات میں مندرجہ ذیل نقش کو اکتالیس عدد لکھے۔ ایک عقیمہ کے گلے میں ڈال دے، اور چالیس دنوں تک ایک تعویذ رات میں پلاتا رہے ساتھ ہی استقرار حمل کی تعویذات بھی چلاتا رہے۔

۲۴۵ ۷۸۶ ۱۰۶

۴۳	۱۲۴	۴۳	۱۳۱	۴۳	۱۳۷	۴۳	۱۴۳	۴۳	۱۱۸
۴۳	۳۸	۴۳	۱۲۹	۴۳	۱۱۹	۴۳	۱۲۵	۴۳	۱۳۲
۴۳		۴۳	۱۳۹	۴۳	۱۳۳	۴۳	۱۳۴	۴۳	۱۴۰
۴۳	۱۲۹	۴۳	۱۴۵	۴۳	۱۴۱	۴۳	۱۲۱	۴۳	۱۲۷
۴۳	۱۲۱	۴۳	۱۲۱	۴۳	۱۲۳	۴۳	۱۳۰	۴۳	۱۳۶

۳۸۲ ۲۱۹

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaat

نوٹ:۔ اسی نقش کو ساعتِ سعد میں زعفران سے لکھ کر عرقِ گلاب و کیوڑہ میں دھو کر سات دنوں تک شوہر بھی استعمال کرے کہ اگر بطریق سحر بستگی ہو گی تو وہ بھی بعونہ تعالیٰ دور ہو گی۔

یہ نقشِ مبارک حضور سیدی احمد شاذلی عورفی نے اپنے سینکڑوں مریدین و معتقدین اور درجنوں اولیاء کی موجودگی میں فرماتے ہوئے عطا کیا کہ فائدہ مذکورہ کے علاوہ جو بھی چاہو گے اس نقش سے حاصل ہو سکتا ہے۔ حضرت ممدوح جنکی عمر ستانوے سال ہے، سورۂ یٰسٓ شریف کے بہترین عامل ہیں اور یہ نقش یٰسٓ شریف ہی کا ہے چاروں طرف سے سرداران موکلین و ملائک کی حفاظت میں ہے۔ اللہ تعالیٰ اسکے انوار و برکات سے ہر سنی صحیح العقیدہ کو متمتع و فیضاب فرمائے۔

تسہیل ولادت

جب ولادت کا وقت قریب آجائے اور دردِ زہ کی شدت بڑھ جائے یہ تعویذ عورت کے داہنے ہاتھ میں دیدی جائے اور شدتِ درد سے ہاتھ میں لینا مشکل ہو تو اسکی کمر میں باندھ دی جائے۔ اور ولادت کے بعد فوراً التعویذ کھول کر مولود کو صاف ستھرا کر کانوں میں آذان و تکبیر اقامت کہہ کر اسی تعویذ کو گلے میں ڈال دی جائے تاکہ عام بیماریوں سے اسکی حفاظت رہے۔ اگر لڑکا پیدا ہو تو اسکا نام محمد یا احمد رکھا جائے اور اگر بچی ہو تو احمدی وغیرہ رکھا جائے۔



تسہیل ولادت

اگر پہلی ولادت کا موقع ہو یا اگر عورت وضع حمل کے بعد لبِ جاں ہو جاتی ہو یا اگر کمزوری و بیماری کی وجہ سے

اندیشہ ہو کہ دردِ زہ کی تکلیف ناقابل برداشت ہو جائے گی تو اس عورت کو چاہیئے کہ ولادت کے دو تین ماہ قبل سے ہر نماز کے بعد ایک سو سولہ ۱۱۶ بار یا قوی پڑھنے کو اپنا وظیفہ بنالے۔ اور جب ولادت کا وقت آئے تو تعویذ مذکور کے ذیل میں یہ اسماء لکھ کر حسب ترکیب سابق تعویذ کو استعمال میں لائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نہایت آسانی سے پیدا ہو گا اور بلاء آفات سے مامون و محفوظ رہے گا۔ الٰھی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوطط یولس ازرفط یولس بوالس بوس۔

نوٹ:۔ یہ سب اصحاب کہف کے نام ہیں جس میں اختلاف کے باوجود کافی اثر ہے چاہیئے کہ ان ناموں کے لکھنے میں ھ، م، سۃ، و، ط ف کی آنکھیں کھلی رہیں

تسہیل ولادت

بچہ آسانی سے پیدا ہونے کیلئے یہ ترکیب بھی نہایت زود اثر ہے کہ مذکورہ اسماء اصحابِ کہف کو سفید چینی کے برتن پر زعفران سے لکھ کر پلادے یا یہ نقش مثلث لکھ کر کمر میں باندھ دے کہ تعویذ ناف کے نیچے رہے۔

الٰہی بحرمۃ عزرائیل

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

الٰہی بحرمۃ جبرائیل

برائے تولد فرزند ارجمند

جس عورت کو صرف لڑکی پیدا ہوتی ہو اور وہ لڑکا کی خواہش رکھتی ہو تو اسے چاہیئے کہ چالیس عدد کاغذی بادام کا مغز حاصل کرے اور ہر ایک دانہ پر کسی صحیح پڑھنے والے سے ایک ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھوا کر دم کرالے۔ یعنی چالیس بار پوری سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر چالیس دانوں پر دم کرے۔ پھر جب وہ عورت حیض سے فارغ ہو تو روزانہ ایک ایک دانہ خوب اچھی طرح

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

چبا کر سونے سے پہلے کھا لیا کرے۔ بعونہ تبارک و تعالیٰ جب حمل قرار پا جائے تو مندرجہ ذیل دعا کو کسی پرہیزگار سنی مسلمان سے لکھوا کر گلے میں حمائل کرلے تاکہ تعویذ پیٹ کے نیچے تک لٹکتی رہے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰخَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ الْمُطْمَئِنَّۃِ یَامَنْ وَّھَبَ لِدَاوٗدَ سُلَیْمٰنَ وَلِزَکَرِیَّا یَحْیٰی وَلِمَرْیَمَ عِیْسٰی اُرْزُقْھَا... ... بنت ..... وَلَدًا صَالِحًا اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ ھٰذَا الْوَلَدُ ذَکَرًا فَسَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ، فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

نوٹ: خدا کے فضل سے جب لڑکا پیدا ہو تو اسکا نام محمد یا احمد رکھنا چاہیے۔

برائے بند کردن خونِ رواں دورانِ حمل

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حمل کے دنوں میں بھی خون جاری ہو جاتا ہے جس سے حاملہ کو ناقابلِ برداشت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا اور اسقاط (بچہ کے گر جانے) کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں اس جاری خون کو فوراً روکنے کیلئے ذیل کی تعویذ لکھ کر چاندی یا تانبے کے خول میں بھر کر حاملہ کے شکم پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف جاتی رہے گی اور خون کا سیلان بند ہو جائے گا۔

نقش کے نیچے درود و دعا لکھنی چاہیے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ یَا قَابِضَ الَّذِیْ یَقْبِضُ بِسَتْمِ خون رواں از شکم ..... بنت ..... بِحَقِّ یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ

نوٹ:۔ اس دعا میں ق، م، د، ھ کے جوف بند رہیں گے۔

برائے امساک

جس شخص کو جلد تر انزال ہوتا ہو اور استقرار حمل میں ناکامی ہوتی ہو اسے چاہیے کہ مشک و زعفران سے عصر کے وقت ہرن کی جھلی (جو پیٹ سے برآمد ہو) پر اس تعویذ کو لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے اور اگر مجامعت کے وقت انزال میں دشواری ہو تو اس تعویذ کو فوراً کھول دے۔ تعویذ یہ ہے۔

۳	۲	۳۲	۲عہ	عہ	۲۴
۹	۹	۹	۲۸	۵عہ	عہ۶
۲۳	عہ۳	عہ۱	۹۹	۸۸۲	۲۲

نظرِ بد سے حفاظت

اپنے پرائے سب کی نظر لگا کرتی ہے خاص کر ماں باپ کی نظر تو بچے بچیوں کو عالم طریقے سے لگ جاتی ہے اسلئے ماں باپ کو چاہیے کہ جب بچہ کی کوئی ادا پسند آجائے تو فوراً ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھ لیا جائے کہ وہ نظر بد سے محفوظ رہے۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ صرف بچوں کو نظر لگتی ہے بسا اوقات بڑے بوڑھوں کو بھی نظر لگ جاتی ہے۔

نظر بد سے نجات پانے کیلئے یا بچوں کی نظرِ بد اتارنے کیلئے اس آیتِ کریمہ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں یا اس نقش مربع کو چار عدد لکھ کر ایک بچہ کے گلے میں ڈال دیں اور باقی تین عدد کو ماں کے دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائیں اور بڑوں کو پانی میں گھول کر۔

فرحان رضا
FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ

نقش مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

نقشِ آیۃ الکرسی

اگر اس نقشِ مبارک کو ماہِ ثابت کی ساعت مشتری میں زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر قسم کی کامیابی اور برتری حاصل ہو اور ماہِ ذوجسدین کی ساعت مشتری میں لکھا جائے تو ہر قسم کی لاعلاج بیماریوں سے نجات پائے اور اگر ماہِ منقلب میں لکھا جائے تو تمام دشمن دینی و جانی ذلیل و خوار بلکہ ہلاک ہو جائیں یہ نقش معظم حصار کا بھی کام دیتا ہے۔ جسکے پاس ہو اس پر سحر و جادو ٹونا، آسیب وغیرہ کا اثر نہیں ہو سکتا اور نہ جنہ خبیثہ کا حملہ ہو سکتا ہے بچوں کے گلے میں اگر ڈال دیا جائے تو وہ بھی مہلک امراض مثلاً چیچک، ام الصبیان وغیرہ سے محفوظ رہیں گے اسکو مشک و زعفران سے لکھ کر اگر عقیمہ کی کمر میں باندھ دیں تو بفضلہ تعالیٰ وہ بار آور ہو جائے گی اور اسی نقش کے ساتھ آیۃ الکرسی شریف پڑھ پڑھ کر کسی دھاگے میں چالیس گرہ لگا دیں (گنڈہ بنالیں) اور اسکی کمر میں باندھیں تو اسکا حمل قائم و برقرار رہے گا۔ اور جب تک کھولا نہیں جائے گا ولادت نہیں ہوگی۔ اس لئے چاہئے کہ اس قسم کی تعویذوں اور نقوش کو آٹھویں مہینہ کے بعد کھول لیں۔ جب ولادت ہو جائے تو اسی نقش کو مولود کے گلے میں ڈالدیں۔ باذنہ تعالیٰ وہ امراضِ خبیثہ اور نظرِ بد وغیرہ سے حفاظت میں رہے گا۔ نقش لکھنے والے (عامل) کو چاہیئے کہ اس نقش کی زکوٰۃ دیکر ضرورتوں میں استعمال کرے۔ اس آیت مقدسہ کے کل اعداد چھپن ہزار تین سو چھبیس ۵۶۳۲۶ ہیں

۲۴۵ ۷۸۶ ۱۰۶

۳۵۱۸	۳۵۲۱	۳۵۲۴	۳۵۱۱
۳۵۲۳	۳۵۱۲	۳۵۱۷	۳۵۲۲
۳۵۱۳	۳۵۲۶	۳۵۱۹	۳۵۱۶
۳۵۲۰	۳۵۱۵	۳۵۱۴	۳۵۲۵

۲۱۹ ۳۸۲

زکوٰۃ وضع کرنے کے بعد۔ پھر جب اسکو چار سے تقسیم کیا تو اعداد مقسوم چودہ ہزار چوہتر ہوئے جس سے نقش ہٰذا پر کیا گیا ہے۔ نقش بھرنے کے بعد جانچ لینا چاہئے کہ ہر شش جہت سے ۷۸۶ ۱۴۰ آتے ہیں یا نہیں۔

نقش سورۂ فلق و ناس

یہ نقوش مبارک بھی بہت ساری بلیات و آفات کے دفع کرنے میں تیر بہدف اور آسیب و جادو کے کاٹنے میں زود اثر ہے چاندی یا تانبے کی تختی پر وقت سعد میں کندہ کرا کر بچوں کے گلے میں ڈالئے یا کاغذ پر زعفران سے لکھ کر استعمال کیجئے۔ بفضلہ تعالیٰ دونوں زود اثر ہیں۔ یہ نقوش برے خواب دیکھنے والوں اور سوتے میں ڈرنے والوں کیلئے بھی مفید ہیں۔ وسوسۂ شیطانی سے بچنے اور احتلام کی کثرت سے محفوظ رہنے کیلئے مجرب ہیں۔ مجنون و مسحور کو چالیس دنوں تک پلانے سے اسکا سحر و جنون بھی جاتا رہتا ہے۔

سورۂ فلق ۷۸۶

۳۱۶۹	۳۱۷۲	۳۱۶۵	۳۱۶۱
۳۱۷۳	۳۱۶۲	۳۱۶۸	۳۱۷۳
۳۱۶۳	۳۱۷۷	۳۱۷۰	۳۱۶۶
۳۱۷۱	۳۱۶۶	۳۱۶۳	۳۱۷۶

سورۂ ناس ۷۸۶

۱۳۸۶	۱۳۹۰	۱۳۹۲	۱۳۷۹
۱۳۹۲	۱۳۸۰	۱۳۸۵	۱۳۹۱
۱۳۸۱	۱۳۹۵	۱۳۸۸	۱۳۸۳
۱۳۸۹	۱۳۸۳	۱۳۸۲	۱۳۹۳

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

نقشِ سورۂ اخلاص

یہ نقشِ مبارک سلطان المناظرین فقیہ زمن حضرت علامہ شاہ رفاقت حسین صاحب قبلہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے حاصل ہوا ہے اس کے فوائد بیشمار ہیں۔ مثلاً کسی کا مال چوری ہوگیا اور کسی طرح اسکا پتہ نہیں چلتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر سورۂ توبہ یا قرآن مجید کے کسی جزء میں رکھ دے۔ چور کی صورت خواب میں نظر آجائے گی۔ کوئی مدتوں سے غائب ہو اور اسکا حال معلوم کرنا چاہیں تو اس نقشِ مبارک کو لکھ کر اپنے سرہانے (تکیہ تلے) رکھ لیں اگر وہ زندہ ہے تو اسکی ساری حالت معلوم ہوجائے گی۔ اگر کسی کو جذام یا تپ دق وغیرہ لاعلاج بیماری لاحق ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر چالیس دنوں تک پلانے سے بفضلہٖ تعالیٰ تندرست ہوجائے گا۔ بشرطیکہ تعویذ لکھنے والا اس نقش کا عامل ہو اور اسکو عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ پاک و صاف ہوکر ماہ ثابت میں چالیس نقوش لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولیاں بناکر روزانہ دریا میں ڈالنا چاہیئے۔ جب چلہ ختم ہو تو کھیر پکائے اور فاتحہ وایصال ثواب کرے۔ پھر اس کھیر میں سے کچھ خود کھائے اور بقیہ اسی دریا میں ڈال دے جس میں گولیاں ڈالی ہیں۔ باذنہ تعالیٰ اس نقش کا عامل ہوجائیگا۔ اس سورۂ مبارک کے کل اعداد ایک ہزار دو ہیں اور وضع زکوٰۃ کے بعد نو سو بہتر بچتے ہیں جو چار سے بے کسر تقسیم ہوکر دو سو تیالیس حاصل ہونگے اور نقشِ مبارک انھیں اعداد سے پُر کیا جائے گا۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

دُودھ کی زیادتی کیلئے

بچہ کی پیدائش کے بعد کبھی ماں کا دودھ سوکھ جاتا ہے یا اتنا کم ہوجاتا ہے کہ بچہ کو سیری نہیں ہوتی اس کمی کو دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات مبارکہ زعفران سے کاغذ پر یا کسی پاک سفید چینی کی رکابی پر لکھے اور سات دنوں تک ماں یا بکری وغیرہ کے دودھ سے دھوکر بچہ کو پلائے اور اسکے کچھ حصہ سے ماں کی چھاتی کو تر کردے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ کی فراوانی ہوجائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ مَثَلُ الْجَنَّۃِ الَّتِیْ وَعِدَ الْمُتَّقُوْنَ فِیْھَا اَنْھٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ وَّاَنْھٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُہٗ وَاَنْھٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ وَاَنْھٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّی

المتین المتین المتین

اور اگر کسی جانور کا دودھ خشک ہوگیا ہو تو اس اسم گرامی کو سات مرتبہ پڑھ کر اسکے کان میں دم کردے اسی وقت سے اسکے دودھ میں اضافہ ہوجائے گا۔

اَلْمُتَعَالُ یَا دَرْدَائِیْلُ

بچوں کا دُودھ چھڑانا

جو بچے عمر رضاعت کے بعد بھی بآسانی ماں کا دودھ چھوڑنے کیلئے تیار نہ ہو اور انھیں دوسرے دودھ یا دانے سے صبر نہیں آتا ہو تو سات دنوں تک چھوٹی چھوٹی ایک ایک روٹی بنائیں اور روزانہ کلماتِ ذیل کو روٹی پر لکھ کر اس بچہ کو کھلادیں انشاء اللہ تعالیٰ ماں کے دودھ سے اس کی رغبت جاتی رہے گی اور وہ دوسری غذاؤں پر صبر کرلیگا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَیۡہِمۡ وَلَا تَکُ فِیۡ ضَیۡقٍ مِّمَّا یَمۡکُرُوۡنَ ۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا وَّالَّذِیۡنَ ہُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ۔

دفع چیچک

ہر چند کہ چیچک کا عارضہ نسبتاً بہت کم ہو گیا ہے پھر بھی کبھی کبھی اس نقش کی ضرورت پڑ جاتی ہے اسلئے اسے لکھا جاتا ہے۔ چیچک شروع ہونے سے پہلے نقش ذیل کو دو عدد لکھے ایک گھر کی چوکھٹ پر بالائی حصہ میں چسپاں کر دیں اور دوسرے کو گلے میں ڈالیں اس مہلک بیماری سے محفوظ رہے گا۔ اگر گھر میں بال بچے ہوں تو ہر ایک کیلئے ایک ایک اور اگر بیماری نے پکڑ لیا ہو، دانے نکل آئے ہو تو گڑ کی تین گولیاں بنائیں اور ہر ایک گولی پر اس آیت کریمہ کو تین تین بار پڑھ کر دم کر دیں اور آہستہ آہستہ تینوں گولیاں مریض کو کھلائیں آیت مقدسہ یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ عَسَی اللّٰہُ اَنۡ یَّجۡعَلَ بَیۡنَکُمۡ وَبَیۡنَ الَّذِیۡ عَادَیۡتُمۡ مِّنۡہُمۡ مَّوَدَّۃً ؕ وَاللّٰہُ قَدِیۡرٌ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ

۷۸۶

۲۰۵۳	۲۰۵۶	۲۰۵۹	۲۰۴۵
۲۰۵۸	۲۰۴۶	۲۰۵۲	۲۰۵۷
۲۰۴۷	۲۰۶۱	۲۰۵۴	۲۰۵۱
۲۰۵۵	۲۰۵۰	۲۰۴۸	۲۰۶۰

گلٹی یا گھیگھہ

کبھی جسم کے مختلف اعضاء پر اور کبھی گلے میں گلٹی نکل آتی ہے جس سے کوئی خاص تکلیف تو نہیں ہوتی مگر بدنما معلوم ہوتا ہے اور علاج و معالجہ سے وہ جاتا بھی نہیں۔ چاہئے کہ مندرجہ ذیل کلمات کو تین سانسوں میں دس مرتبہ پڑھے اور گلٹی کی جگہ پر دم کر دے۔ چند مرتبہ دم کرنے سے گلٹی جاتی رہے گی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ مَلَاۃَ ثَمَانَ الرَّحۡمٰنِ اَبۡرَ ثَمَانَ الرَّحِیۡمِ خَثَمَانَ

واضح رہے کہ ان کلمات کے اول و آخر میں درود غوثیہ تین تین بار پڑھنا ضروری ہے اور اگر یہ چاہیں کہ دوبارہ یہ گلٹی نہ نکلے تو چتکبرے کپڑے پر آیت ذیل

کو پڑھ کر آٹھ گرہ لگائیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں باذنہ تعالیٰ گلٹی سے محفوظ رہے گا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ۔

اور گھیگھہ کے دفعیہ کیلئے نماز فجر کے بعد یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

مسطہ	عیطہ
عیطہ	مسطہ

نقش مذکور بالواسطہ حضور حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ کا عطیہ ہے جبکہ جدہ میں پینتالیس سال سے مقیم ایک پشاوری بزرگ نے نقش ذیل اسی کام کیلئے دیا کہ گلے یا کانوں کے نیچے اگر گلٹی نکل آئے اور دوا دارو سے زائل نہ ہو سکے تو پیپل کے پتہ پر یہ نقش لکھ کر درد و ورم کی جگہ چسپاں کر دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ورم جاتا رہے گا۔ اور درد بھی ختم ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے



موطبل وطل

وطل موطبل

اور اگر پیپل کا پتہ دستیاب نہ ہو تو کاغذ پر روشنائی یا زعفران سے یہ نقش لکھ کر درد یا ورم کی جگہ چسپاں کر دے۔ فائدہ مذکور اس طریق سے بھی ہو جائے گا

گلٹی میں اگر درد بھی ہو تو مذکورہ ترکیب کے ساتھ ذیلی طلسم درد بھی لکھ کر دینا چاہئے۔

ع ل ....

سر درد

اگر سر کا درد مستقل پریشان کرتا ہو تو اسماء ذیل کو پڑھ کر تین مرتبہ یا پانچ بار دم کرے انشاء اللہ درد سر فوراً رفع ہو جائے گا اور ہمیشہ اس سے محفوظ رہنے کیلئے نقش ذیل کے ساتھ ان اسماء کو بھی لکھ کر سر میں باندھ دے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ الۡحُسۡنٰی یانور

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

النور یا خالق النور یا منور النور یا نور کل نور یا نور لیس مثلہ نور یا مقدم النور یا نورًا قبل کل نور یا نورًا یا نورًا فی النور سبحٰنک یا لا الٰہ الا انت یا ذا الجلال والاکرام خلصنا من النار یا مجیر یا مجیر یا مجیر۔

سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر دم دینے سے بھی درد سر جاتا رہتا ہے اور عصر کی نماز کے بعد سورۂ تکاثر پڑھ کر دم کرنے سے بھی درد سر دفع ہو جاتا ہے یونہی سورۂ ناس سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے پرانا سے پرانا درد کافور ہو جاتا ہے۔

۲ب	۲ھ	۲۸	۱ھ
۷ب	۱۶	۲۱	وب
۱۷	۳۰	۳ب	لث
۲عہ	۱۹	ح ۱	۲۹

۱۱ ۱۹ ۱۷ ۱۹ ۱۹ ۱۱ صلحا

صہ ۱۳ ۱۹ ۱۱ ط ۱ لم

آدھے سر کا درد

سر کے آدھے حصہ میں درد ہو یا درد، دورہ کرتا ہو دونوں صورتوں میں نقش ذیل کو ساعت سعید میں لکھ کر سر پر باندھے باذنہ تعالیٰ نصف سر کا درد جاتا رہے گا۔ اس نقش کے ساتھ نقش اجل بھی ہونا چاہیے جو یہ ہے

۱۶۴۴	۱۶۴۷	۱۶۵۲	۱۶۳۷
۱۶۵۱	۱۶۳۸	۱۶۴۳	۱۶۴۸
۱۶۳۹	۱۶۵۴	۱۶۴۵	۱۶۴۲
۱۶۴۶	۱۶۴۱	۱۶۴۰	۱۶۵۳

الٰہی درد سر دردنیم سر بدر گردش و دفع شود

۴۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

کسی قسم کا درد

پورے بدن میں کہیں بھی کسی قسم کا درد ہو یا زخم وغیرہ ہو، چاہیے کہ مقام درد پر اپنا داہنا ہاتھ رکھ کر (جبکہ شرعی اجازت ہو) مندرجہ ذیل کلمات کو سات بار مع اول و آخر تین تین بار درود غوثیہ کے پڑھ کر دم کر دے۔ پرانا سے پرانا درد فوراً رفع ہو جائے گا۔ اور زخم اچھا ہونا شروع ہو جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاسَ وَاشْفِ

اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَائُکَ فَاشْفِ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ بِہٖ سُقْمًا ۝

درد سینہ

سینہ یا سینے کے کسی حصہ میں درد ہو اور درد کی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آتی ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گردن میں ڈال دے اور اسی تعویذ کو پلانا شروع کر دے درد تو فوراً ختم ہو جائے گا مگر سات یا اکیس دنوں تک نقش کا پانی پلانا چاہیے۔

۲۵۹	۲۶۲	۲۶۵	۲۵۲
۲۶۴	۲۵۳	۲۵۸	۲۶۳
۲۵۴	۲۶۷	۲۶۰	۲۵۷
۲۶۱	۲۵۶	۲۵۵	۲۶۶

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

۳۶ ۳۶ ۳۶ ۳۶

درد ناف

ناف تل جانے کی وجہ کر درد سے بیقراری ہو یا ناف کے ٹلے بغیر درد ہوتا ہو دونوں صورتوں میں یہ نقوش نہایت مفید اور مجرب ہیں ان تعویذوں کو بدھ کے دن لکھا جائے اور موم جامہ کر کے رکھ لیا جائے پھر وقت ضرورت کام میں لائے نقوش ناف پر باندھے جائیں۔

۳۸۱۶	۳۸۱۹	۳۸۲۲	۳۸۰۹
۳۸۲۱	۳۸۱۰	۳۸۱۵	۳۸۲۰
۳۸۱۱	۳۸۲۴	۳۸۱۷	۳۸۱۴
۳۸۱۸	۳۸۱۳	۳۸۱۲	۳۸۲۳

۱۱۰ ۱۹ ۷۱۶ ۱۶۵۱

۸	۵۷۹	۵۸۲	۱
۵۸۱	۲	۷	۵۸۰
۳	۵۸۴	۵۷۷	۶
۵۷۸	۵	۴	۵۸۳

اب ع ع ع بحرمۃ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ناف کا ٹلنا

ناف کے ہٹ جانے پر یہ نقش بھی بہت ہی مفید ہے اسے کسی دن بھی ساعت سعید میں لکھا جا سکتا ہے۔ یہ نقش بھی ناف پر باندھا جائے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

د	ج	ب	ا
ی	ا	د	ر
ع	ع	د ر	ز

اللہ اکبر اللہ اکبر انت یا نار ولا تبکر قمات محمد قمت باذن اللہ

برائے دفع آسیب و سحر

سب سے پہلے یہ معلوم کرلینا چاہیے کہ مریض پر آسیب و جادو کا اثر ہے یا جسمانی بیماری ہے یا کچھ اور ہے۔ اس کیلئے سب سے آسان طریقہ استاذ محترم حضرت مولانا احسان علی صاحب قبلہ محدث جامعہ منظر اسلام بریلی شریف کا ہے کہ وہ مریض کا نام اور اسکی ماں کے نام کا ابجدی عدد نکال لیا کرتے اور مریض جس دن سوال کرتا یا عامل کے پاس آتا اس دن کا عدد بھی نکال کر جمع فرمالیا کرتے، پھر چار سے تقسیم کرتے۔ اگر ایک بچتا تو اندرونی بخار بتاتے۔ دو بچتا تو جسمانی مرض کے علاج کا مشورہ دیتے، تین بچتا تو آسیب کا خلل فرماتے اور اگر چار سے برابر تقسیم ہوجاتا باقی کچھ نہیں بچتا تو جادو بتاتے اور دفع سحر کی ترکیب و تعویذ عنایت فرماتے۔ مثلاً اجمل ابن جمیلہ نے دوشنبہ کو سوال کیا کہ مجھے کیا مرض ہے؟ یا جمیلہ کا بیٹا اجمل سوموار کو عامل کی خدمت میں علاج کیلئے حاضر ہوا تو عامل کو حسب بالا ترکیب کو عمل میں لاکر معلوم کرالینا چاہیے کہ اجمل کو کیا بیماری ہے اور اسکی صورت یہ ہے

ا ۔ ج ۔ م ۔ ل ۔ ج ۔ م ۔ ی ۔ ل ۔ ہ

۱ + ۳ + ۴۰ + ۳۰ + ۳ + ۴۰ + ۱۰ + ۳۰ + ۵ = ۱۶۲

د ۔ و ۔ ش ۔ ن ۔ ب ۔ ہ

۴ + ۶ + ۳۰۰ + ۵۰ + ۲ + ۵ = ۳۶۷

۳۶۷
۱۶۲
۵۲۹ ۱۳۲
۴
۱۲
۱۲
۹
۸
۱

حسابِ بالا سے معلوم ہوگیا کہ اجمل کو اندرونی بخار ہے اب یہ بھی معلوم کرلینا چاہیے کہ روحانی علاج سے اسکا بخار جائے گا یا نہیں اسکی صورت یہ ہے کہ نکالے ہوئے اعداد کو تین سے تقسیم کریں اگر ایک باقی بچے تو مریض باذنہ تعالیٰ صحتیاب ہوجائے گا مگر دقت و دشواری کے بعد ایسی صورت میں مریض یا عامل کو ہمت نہیں ہارنی چاہیے بلکہ روحانی علاج (تعویذ و نقوش و ترکیب) میں مصروف ہوجائیں انشاء اللہ کامیابی ضرور ہوگی۔ اور اگر تقسیم کے بعد دو بچے تو مریض کو بہت جلد اور بآسانی شفا مل جائے گی اور اگر اعداد مذکورہ تین سے برابر تقسیم ہوجائیں تو امید زیست بہت کم ہے اور غالباً یہ مرض اس کا آخری مرض۔ پھر بھی بارگاہِ حی و قیوم میں اسکی زندگی و صحت کیلئے دعا کرنی چاہیے کہ الدعاء یرد القضاء ارشاد رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہے۔

دوسری صورت

اگر مریض کے صحت یاب ہونے یا نہ ہونے کے تعلق سے آگاہ ہونا چاہیں تو اسکی صورت یہ بھی ہے کہ ایک کعب یا گہری رکابی میں پانی بھر دیں اور مندرجہ ذیل کلمات قرآنیہ کو زعفران یا پاک روشنائی سے کسی کاغذ پر لکھ کر اس پانی میں ڈال دیں۔ اگر کاغذ پانی پر تیرنے لگے تو مریض بہت جلد شفایاب ہوجائے گا۔ اور اگر وہ لکھا ہوا کاغذ پانی کے درمیان تیرے تو بیماری طول پکڑے گی۔ مگر وہ صحت یاب ہوجائے گا اور اگر کاغذ پانی کے نیچے کعب کی تہ میں چلا جائے پھر اوپر نہ آئے تو مریض کو جو بھی مرض لاحق ہے آخری مرض ہے روحانی یا مادی کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔ یہ طریقہ عظیم بزرگوں کا مجرب ہے اور سلسلہ برکاتیہ کا عطیہ ہے کلماتِ مبارکہ یہ ہیں۔ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ، مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دفع آسیب

آسیبی خلل کو دور کرنے کیلئے سورۂ یٰسین آیۃ الکرسی اور معوذتین کے نقوش بہت ہی زود اثر اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ لہٰذا انھیں عمل میں لانا چاہیے نیز مندرجہ ذیل نقوش آسیب کو دفع کرنے، گھر سے نکالنے میں تیر بہدف ہیں۔ چاہیے کہ ان نقوش کو لکھ کر آسیب زدہ کی گردن میں باندھیں جس گھر میں آسیبی خلل ہو اس گھر کے دروازہ پر چسپاں کردیں۔

۴۸۶

۲۴	۲۷	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۸
۱۹	۳۳	۲۵	۲۲
۲۶	۲۱	۲۰	۳۲

یاغفور یاغفور یاغفور
ا م ع ف ح ح ج م ا ع
یاسید جہانگیر اشرف بحق اسماء ہٰذا

۱۰۶ ۴۸۶ ۲۴۵

۴۳ ۱۲۴	۴۳ ۱۳۱	۴۳ ۱۲۴	۴۳ ۱۳۴	۴۳ ۱۱۹
۴۳ ۱۲۹	۴۳ ۱۳۹	۴۳ ۱۱۹	۴۳ ۱۲۵	۴۳ ۱۳۲
۴۳ ۱۲۰	۴۳ ۱۳۶	۴۳ ۱۳۳	۴۳ ۱۳۳	۴۳ ۱۲۰
۴۳ ۱۲۹	۴۳ ۱۲۵	۴۳ ۱۲۱	۴۳ ۱۲۱	۴۳ ۱۲۴
۴۳ ۱۲۱	۴۳ ۱۲۱	۴۳ ۱۲۳	۴۳ ۱۲۰	۴۳ ۱۳۶

۲۱۹ ۳۸۲

آسیب

کے ساتھ ساتھ اگر نظر بد یا کسی ڈائن وغیرہ کے کرشمہ کا بھی اثر محسوس ہو تو مندرجہ بالا نقوش کے ساتھ یہ کلماتِ ذیل بھی لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں لٹکائیں باذنہ تعالےٰ آسیب نظر بد وغیرہ سب دور ہو جائیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب اعوذ باللہ الواحد الصادق من کل شر طارق بحق ایاک نعبد وایاک نستعین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۰

نوٹ: نقش بالا آسیب زدہ کے گلے میں پہنانے سے پہلے بہتر یہ ہے

کہ اس کے دونوں کانوں میں سات سات بار یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کردے۔ وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَیۡمٰنَ وَاَلۡقَیۡنَا عَلٰی کُرۡسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ۔

حفاظتِ آسیب

آسیب کو بھگانے کیلئے نقوش بالا عمل میں لایا جائے اور آئندہ کی حفاظت کیلئے یہ نقش لکھ کر آسیب زدہ کے داہنے بازو پر باندھیں اس نقشِ مبارک کی برکت سے بفضلہ تعالیٰ وہ آئندہ بھی محفوظ و مامون رہے گا۔

۴۹۶

۵۶۸۱۷	۵۶۸۲۰	۵۶۸۲۴	۵۶۸۱۰
۵۶۸۲۳	۵۶۸۱۱	۵۶۸۱۶	۵۶۸۲۱
۵۶۸۱۲	۵۶۸۲۶	۵۶۸۱۸	۵۶۸۱۵
۵۶۸۱۹	۵۶۸۱۴	۵۶۸۱۳	۵۶۸۲۵

فلیتہ آسیب

آسیب اگر سخت تر ہو کہ نقوش وغیرہ سے بھاگنے کا نام نہ لیتا ہو تو مندرجہ ذیل فلیتہ لکھ کر اسطرح لپیٹے کہ بسم اللہ شریف کی بار سے جلنا شروع ہو فلیتہ کے اوپر پاک روئی لپیٹ دے اور روغن تلخ (کڑوا تیل) میں اسکو جلائے۔ فلیتہ جلانے سے پہلے کچھ شیرینی پر حضرت سید سالار مسعود غازی اور حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی کا فاتحہ دے اور فلیتہ جل جانے کے بعد سید الانبیاء علیہ وعلیہم السلام، حضور غوث پاک، اور اعلیٰ حضرت نیز تمام اولیاء کرام کے نام فاتحہ دے۔ جس طرف فلیتہ کا رخ رہے مریض کو اسی کے سامنے بٹھائے زیادہ سے زیادہ تین دنوں تک یہ فلیتہ جلایا جا سکتا ہے اگر ایک دن سے زیادہ جلانے کی ضرورت محسوس کی جائے تو جگہ اور وقت کی پابندی ضرور کی جائے۔ تین فلیتوں کو جلانے کیلئے تین مٹی کے نئے دیئے ہونے چاہیے۔

یہ فلیتہ نہایت زود اثر اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے مریض اگر کوئی حرکت نہ کرے تو اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ فلیتہ کا اثر نہیں ہوا بلکہ اس فلیتہ میں یہ عجیب و غریب کمال ہے کہ اسکے قریب بیٹھنے والوں یا مریض پر کوئی تحریکی کیفیت ظاہر نہیں ہوتی اور آسیب جل جاتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

سوختم دیواں وپریاں وجناں وجنیاں وبھوتاں وبھوتنیاں، چریلاں وکفتاراں وسحر وآسیب وجادو وآسیب وجن وپری ونظر گذر وہر بلائیکہ دراندم فلاں ابن/بنت فلاں مسلط شدہ آزار مید ہد دریں فلیتہ چراغ حاضر شدہ بسوزد وخاکستر شود بحق یا قہار یا جبار یا عزیز اشراھیا علیقا تلیقا انت تعلم مانی قلوبہم حقیقتا تپ وتپ ولرزہ ودرد سر ودرد نیم سر ودرد شکم وبیقراری آنچہ دراندام ہذا باشد بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ۔

۱۶۹۸۶۶۴	۱۶۹۸۶۶۸	۱۶۹۸۶۷۱	۱۶۹۸۶۵۷
۱۶۹۸۶۷۰	۱۶۹۸۶۵۸	۱۶۹۸۶۶۳	۱۶۹۸۶۶۹
۱۶۹۸۶۵۹	۱۶۹۸۶۷۳	۱۶۹۸۶۶۶	۱۶۹۸۶۶۲
۱۶۹۸۶۶۷	۱۶۹۸۶۶۱	۱۶۹۸۶۶۰	۱۶۹۸۶۷۲

نوٹ:۔ اس فلیتہ کی پشت پر نقش اجل لکھے جو یہ ہے۔

۷۸۶

۸۰	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

دفع سحر

اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو اسے چاہیے کہ بیر کے سات سالم پتے جو کٹے پھٹے نہ ہوں حاصل کرے اور اسکو صاف پتھر پر پتھر ہی سے خوب اچھی طرح باریک پیس ڈالے۔ پھر کسی گلاس میں رکھ کر نقش چہار قل اس میں ڈالدے اور پانی ملا کر کسی پاک لکڑی سے جنبش دینا شروع کرے اور جنبش کے درمیان سورۃ الحمد شریف اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار پڑھ کر دم کر دے پھر تینوں قل (اخلاص ومعوذتین) تین تین بار پڑھ کر دم کرے اول وآخر تین تین بار درود غوثیہ بھی پڑھے۔ پھر اس گلاس میں سے تین گھونٹ مسحور کو پلادے اور بقیہ پانی کسی بالٹی وغیرہ میں ڈال کر کچھ اور پانی

ملادے اور تنہائی میں لیجا کر تمام کپڑے اتار کر سر سے پاؤں تک اسی پانی سے دھوڈالے بہتر ہے کہ یہ ترکیب تین دن مسلسل کی جائے پرانا سے پرانا جادو باذنہ تعالیٰ چلا جائے گا جن علاقوں میں بیری کا پتہ ملنا مشکل ہو وہاں چھ کنواں یا ٹیوویل کا پانی جمع کیا جائے اور کسی ایک دریا کا پانی بھی اس میں ملادیا جائے اور ترکیب بالا کے ساتھ غسل کرے، اس کا غسالہ نالی میں نہیں بہنا چاہیے اور نہ ہی اس پر کسی غیر کا پاؤں پڑنا چاہیے اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ جہاں مٹی کی زمین مل جائے اس میں گڈھا کھود کر اس پر تختہ وغیرہ ڈال دے پھر اس پر غسل کرے کہ وہ پانی اسی گڈھے میں سوکھ جائے اور جہاں ایسی زمین میسر نہ آئے وہاں پاؤں کے نیچے مریض کوئی ایسی چیز رکھ لے جو اس پانی کو جذب کر جائے پھر اس کو دھوپ وغیرہ میں سکھالے۔ نقش چہار قل یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷۰۱	۴۷۰۴	۴۷۰۷	۴۶۹۴
۴۷۰۶	۴۶۹۵	۴۷۰۰	۴۷۰۵
۴۶۹۶	۴۷۰۹	۴۷۰۲	۴۶۹۹
۴۷۰۳	۴۶۹۸	۴۶۹۷	۴۷۰۸

دفع سحر

دفع سحر کے لئے سورۃ یٰسٓ شریف کا نقش نہایت مفید ہے بلکہ سحر کا اثر بالکل ہی جاتا رہتا ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ سورۃ یٰسٓ شریف کے نقش کے ساتھ (جو دفع آسیب کیلئے لکھا جا چکا ہے) اس نقش کو بارہ عدد لکھے ایک نقش یٰسٓ کے ساتھ مسحور کے گلے میں ڈال دے اور گیارہ عدد روزانہ ایک ایک گیارہ دنوں تک پلادے خدا نے چاہا تو ہر قسم کا سحر اس سے جاتا رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۴	۲۵۷	۲۶۰	۲۴۶
۲۵۹	۲۴۷	۲۵۳	۲۵۸
۲۴۸	۲۶۲	۲۵۵	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۱	۲۴۹	۲۶۱

دفع سحر وحفاظت

جس پر بار بار سحر وجادو کا اثر ہو جاتا ہے اسے چاہیے کہ مندرجہ ذیل دعا کو اپنا وظیفہ بنالے اگر درجنوں جادو اس پر کئے گئے ہوں گے تو وہ سب جل کر خاکستر ہو جائیں گے اور

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyat

آئندہ کیلئے بھی محفوظ رہے گا۔ فقیر کاتب الحروف اٹھارہ قسم کے جادوؤں کا اثر کچھ دنوں اپنے اوپر لئے رہا مگر اس دعا کی برکت سے باذنہ تعالیٰ تمام اثرات زائل ہو گئے صرف ایک اثر باقی رہ گیا ہے وہ بھی بفضلہ تعالیٰ حد سے تجاوز نہیں کریگا۔ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ عَلِیْقًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بِحَقِّ یَا بُدُّحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔ بِحَقِّ اَسَا تَا سَا لَا سَا لُوْ سَا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔ درود غوثیہ تین بار۔ اس دعا کو نماز

دفع دیو و سحر

اگر کسی مریض پر جادو کے ساتھ ساتھ دیو و پری وغیرہ کا بھی اندیشہ ہو تو سورۃ الحمد شریف کو سات بار اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کے میم کو الحمد کے لام میں ملا دے پھر مریض کو دم کر دے اور اس عزیمت کو کسی کاغذ پر لکھ کر اس طرح جلائے کہ اسکا دھواں مریض کی ناک میں پہنچے۔ دو تین بار ایسا کرنے سے سحر و جادو دیو و پری کا اثر جاتا رہے گا۔ اور مریض باذنہ تعالیٰ صحت یاب ہو جائے گا۔ عزیمت یہ ہے۔ عَلِیْقًا مَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَكُبْكِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ صَبْرًا صَبْرًا صَبْرًا۔

نیز مندرجہ ذیل دعا کو اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر دے اور اکیس دنوں تک اس مریض کو پلاتا رہے اور بہتر یہ ہے کہ یہ نقش بھی اس پانی میں ڈال دے باذنہ تعالیٰ کیسا بھی جادو یا کوئی اثر ہو اکیس دنوں کے اندر زائل ہو جائے گا۔

۷۸۶

۳۴۲۰۴	۳۴۲۰۷	۳۴۲۱۰	۳۴۱۹۷
۳۴۲۰۹	۳۴۱۹۸	۳۴۲۰۳	۳۴۲۰۸
۳۴۱۹۹	۳۴۲۱۲	۳۴۲۰۵	۳۴۲۰۲
۳۴۲۰۶	۳۴۲۰۱	۳۴۲۰۰	۳۴۲۱۱

دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰی كُلِّ عَدُوٍّ صَغِیْرٍ وَّكَبِیْرٍ قَرِیْبٍ وَّبَعِیْدٍ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰی حُرٍّ وَّعَبْدٍ شَرِیْفٍ وَّضَیْعٍ شَاهِدٍ وَّغَائِبٍ كَافِرٍ وَّمُسْلِمٍ قَوِیٍّ وَّضَعِیْفٍ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا وَمَنْ یَّكْفِیْهِ غَیْرُكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دفع سنگ باری

اگر شریر اجنہ کسی کے گھر میں اینٹ پتھر وغیرہ پھینکتے ہوں یا آگ لگاتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنائے اور مٹی کے نئے چراغ میں روغن تلخ کے ساتھ جلائے یہ عمل لگاتار تین دنوں تک کرے ساتھ ہی ساتھ مندرجہ ذیل دونوں نقوش لکھ کر مکان کی اس دیوار میں جو کہ قبلہ کے مقابل ہو چپکا دے، باذنہ تعالیٰ سنگ باری اور آتش زنی سے وہ مکان محفوظ ہو جائے گا۔

۷۸۶

۶	۸	۶	۹
۶	۷	۱۱	۶
۶	۱۱	۳	۶
۱	۶	۱۱	۶

۷۸۶

۳۹۲	۹۹۱	۹۹۶	۱۳۰
۹۹۵	سلام	شافی	۹۹۲
۱۳۲	حفیظ	حافظ	۳۹۰
۹۹۰	۳۸۹	۱۳۳	۹۹۷

اس نقش کا فلیتہ بنائیں۔

۷	۸	۹	۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۶	۳	۷۱	۶
۵	۱۵	۶۶	۴

آسیب کو جلانا

آسیب کو جلانے کی ایک آسان صورت یہ بھی ہے کہ اس نقش کو کسی کاغذ پر لکھ کر صرف لکھے ہوئے کاغذ کو جلا دے اور اسکا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے باذنہ تعالیٰ آسیبی اثر و حرکت ختم ہو جائے گی۔ لکھنے میں اس بات کا دھیان ضرور رہنا چاہیئے کہ جن حروف کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں ان کو کھلا ہی رہنا ہے اور اس بات کا لحاظ تعویذات و نقوش کے تمام ادعیہ اور کلمات میں ضروری ہے۔

نقش آگے صفحہ پر۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

یا بدیع العجائب بالخیر کلہٗ بحق یا دردائیل یا امواکیل

۴۲۰	۴۲۳	۴۲۶	۴۱۳
۴۲۵	۴۱۴	۴۱۹	۴۲۴
۴۱۵	۴۲۸	۴۲۱	۴۱۸
۴۲۲	۴۱۷	۴۱۶	۴۲۷

آخر در برن فلاں ابن فلاں باشد

در بیں فلیتہ آمدہ بسوزد۔

ابلیس علیہ اللعنۃ شداد علیہ اللعنۃ نمرود علیہ اللعنۃ
فرعون علیہ اللعنۃ ابلیس علیہ اللعنۃ

قضائے حاجات

مقاصد برآری اور حاجتوں میں کامیابی کیلئے بزرگان دین اور عاملین کرام نے بہت سارے نقوش وتعویذات، دعائیں اور طریقے ارشاد فرمائے لیکن میں یہاں صرف ان دعاؤں اور طریقوں کو لکھتا ہوں جو حضور حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا ابن اعلیٰ حضرت امام اہلسنت رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اکابر مارہرہ شریف کے قلمی بیاضوں سے نقل فرمایا اور جس کی تحریری اجازت حضور مفسر اعظم ہند علیہ الرحمہ نے فقیر کاتب الحروف کو عطا فرمائی پھر بارہا میں نے انھیں اپنے لئے اور اپنے بعض احباب کیلئے آزمایا تو تیر بہدف اور مجرب پایا۔ مولیٰ تعالیٰ عامۂ مسلمین کو بھی ان کے ذریعہ فائدہ عطا فرمائے۔ آمین

وسعتِ رزق

روزانہ وقت مقررہ اور جائے مخصوص پر اس آیت کریمہ کو ایک ہزار مرتبہ ایک ہی بیٹھک میں پڑھے اور پڑھنے کے درمیان کسی سے کوئی بات نہ کرے۔ ان تین شرطوں میں سے اتفاقاً اگر کوئی شرط چھوٹ جائے تو دنوں کا حساب از سر نو کرے۔ یہ عمل اکتالیس دنوں تک

کرنا ہے اور عمل کے درمیان سوائے حرام وناجائز کے اور کسی چیز کا پرہیز نہیں ہے اول اور آخر درود غوثیہ تین یا گیارہ بار ضرور پڑھے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔ دوران عمل جتنے جمعہ آئیں ہر جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد خواہ تنہا خواہ باجماعت ختم النبی کا ورد کرے۔ اور اخیر میں ایصال ثواب کے بعد اپنی فراخی رزق کیلئے خصوصیت سے دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلہ میں حسب دل خواہ کامیابی حاصل ہوجائیگی ختم النبی یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ کلمہ تمجید ستوبار۔ سورۃ الم نشرح مع بسم اللہ سو بار سورۂ اخلاص مع بسم اللہ سو بار۔ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ایک ہزار مرتبہ۔ سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ سو مرتبہ، پھر خرما (سوکھی کھجور) پر فاتحہ پڑھے اور روح پر فتوح حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ایصال ثواب کرے پھر اپنے لئے دعا کرے

وسعتِ رزق

یہ عمل صرف تین دنوں کا ہے ویسے سات دنوں تک کرلے تو رزق میں وسعت کے علاوہ تمام امور وحاجات بخیر وخوبی انجام کو پہنچیں گے۔ بدھ، جمعرات یا جمعہ کی صبح سے یہ عمل شروع کرے۔ صبح صادق کے وقت غسل کرے اور خوشبو وغیرہ لگا کر مصلیٰ پر بیٹھ جائے۔ پھر دو سو مرتبہ یہ پڑھے۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ۔ توکنی کا رسخت سلیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ——— اور اسی دن ظہر کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ یہ پڑھے۔ یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ توکنی کا رصعب سلیم بحق ایاک نعبد وایاک نستعین پھر اسی دن نماز عشاء کے بعد دو سو مرتبہ یہ کلمات دعائیہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

يَاوَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ وَيَاوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ہ
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا
وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ يَاتَنْكَفِيْلُ وَبِحَقِّ يَاصَمَدُ الْغَفَّارُ
وَيَاذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَاصَمَدُ۔

ہر دعا کے اول و آخر درود غوثیہ تین تین بار یا گیارہ بار ہونا چاہیے اور اس عمل کو عروج ماہ میں شروع کرنا چاہیے۔

کبھی تنگدست نہ ہو

حقیقتاً یہ عمل دست غیب کا ہے مگر اسکو عمل میں لانے کیلئے اسکی زکوٰۃ کی ادائیگی ضروری ہے۔ اگر بعونہ تعالیٰ اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے تو عامل کی جیب کبھی روپیوں پیسوں سے خالی نہیں رہے گی اور اگر اس نقش کو غلہ میں ڈالے تو وہ غلہ ختم نہیں ہوگا۔ تجوری میں رکھے تو تجوری خالی نہیں ہوگی۔

۴۶۰ ۴۸۶

۴۶۷	۴۷۰	۴۷۴	
۴۷۳	۴۶۱	۴۶۶	۴۷۱
۴۶۲	۴۷۶	۴۶۸	۴۶۵
۴۶۹	۴۶۴	۴۶۳	۴۷۵

اسکی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ماہ ثابت میں پہلی جمعرات کو سورج نکلنے کے بعد ایک سو اسی بار یَا مُفَتِّحُ اِفْتَحْ بِالْخَیْرِ پڑھے اسی ساعت میں اس نقش کو چالیس عدد لکھے پھر تمام نقوش کو آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ایسا ہی چالیس دنوں تک ہر صبح میں کرتا رہے ان چالیس دنوں میں ترک حیوانات جلالی کرے۔ خدا کے فضل سے چالیس دن پورے ہونے کے بعد پھر کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ اب اسکے عامل کو چاہیے کہ مذکورہ کلمات کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے اور ایک نقش روزانہ لکھتا رہے۔ خواہ اس نقش کو جیب میں رکھے یا غلہ و تجوری میں رکھے یا کسی حاجتمند کو عطیہ کرتا رہے۔ یا گولی بنا کر دریا میں ڈالتا رہے۔

حاجت برآری

وسعت رزق اور دوسری اہم حاجتوں کو بر لانے کیلئے صرف بدھ، جمعرات اور جمعہ کا یہ خاص عمل ہے انشاء اللہ تعالیٰ تین ہی دنوں میں حسب منشا مراد بر آئیگی۔ چاہیے کہ تینوں دن نماز فجر کے بعد تلاوت قرآن یا درود خوانی میں مصروف رہے اور جب سورج نکلے تو اول آخر درود کے ساتھ تین سو ساٹھ بار اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۔۔۔ پڑھے، پھر نماز اشراق پڑھ کر ایک سو گیارہ بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِذَاتِهٖ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِقُدْرَتِهٖ پڑھے، اس کے بعد مصلیٰ سے اٹھے، پھر نماز عشاء کے بعد وتر سے پہلے اول و آخر درود شریف اور درمیان میں تین سو ساٹھ بار یَا شَفِيْقُ يَا رَفِيْقُ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ بِحُرْمَةِ اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ پڑھ کر وتر کی نماز ادا کرے۔ پھر دو رکعت قضائے حاجات کی نیت سے نفل ادا کرے پہلی رکعت میں سورفاتحہ اور کسی سورۃ کے ملانے کے بعد محمد رسول اللہ پانچسو بار پڑھ کر نماز پوری کرے۔ اور سلام پھیرنے کے بعد اپنا داہنا رخسار مصلیٰ پر رکھ کر پانچسو بار کہے "رفتم در ہوا گرفتم روضۂ مصطفےٰ نہ کنم دامنت رہا تا نہ کنی حاجت من روا" پھر بایاں رخسار مصلیٰ پر رکھ کر پانچ سو بار وہی کہے تاکہ ہزار کا عدد پورا ہو جائے۔ پھر حاجت برآری کیلئے جو چاہیے دعا کرے۔ بفضلہ تعالیٰ محروم نہیں رہے گا بلکہ طلب سے بہت زیادہ پائے گا۔ یہ مشائخ عظام کا معمول ہے اور اس میں جلالی و جمالی کوئی ترک نہیں۔ صرف حرام امور سے پرہیز لازم ہے۔

جملہ قضائے حاجات

تمام مہمات اور حاجات میں من پسند کامیابی و کامرانی کیلئے اصحاب کہف کے اسمار کا ورد مجرب ہے زود اثر ہے چاہیے کہ پانچوں نمازوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد وقت

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مقرر کرلیا جائے اور ہمیشہ وقتِ مقرر پر اول و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار اس کے پڑھنے کو اپنا وظیفہ بنالے ہر قسم کے آفت و بلیات باہمی رنجش و فتنہ وغیرہ سے محفوظ ہوجائے گا۔ اسماءِ اصحاب کہف کا ورد یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْلَامِ یَمْلِیْخَا وَرَغْبَتِہٖ وَبِاِیْمَانِ مَکْسَلْمِیْنَا وَغُرْبَتِہٖ وَبِتَوْحِیْدِ کَشْفُوْطَطَ وَوَحْدَتِہٖ وَبِعِنَایَتِ کَشَافَتْ یُوْنَسَ وَعَوْنِہٖ وَبِمَعْرِفَتِ اَذْرَفَتْ یُوْنَسَ وَذِکْرِہٖ وَبِاِخْلَاصِ طَبْیُوْنَسَ وَفِرَاسَتِہٖ وَبِمُتَابِعَتِ یُوَانَسَ بُوْسَ وَمُوَافِقَتِہٖ وَبِاسْمِ کَلْبُھُمْ قِطْمِیْرَ وَمَحَبَّتِہٖ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اور اگر ان اسماء مبارکہ کے نقش کو پاس میں رکھا جائے تو رکھنے والا بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ اگر آتشزدگی کے موقع سے یہ نقش کسی کاغذ پر لکھ کر اس میں چند سنگریزے رکھ کر آگ میں ڈال دے تو آگ فوراً بجھنا شروع ہوجائے گی اور اگر کمر میں باندھ کر پیدل سفر کیا جائے تو تکان محسوس نہیں ہوگی عورت کو دردِ زہ کے وقت بائیں ران میں باندھ دیا جائے تو نہایت آسانی سے ولادت ہوجائے گی۔ جنگ کرنے والا اپنے ساتھ رکھے تو منصور و مظفر لوٹے گا۔ نیز اسکو پاس میں رکھنے والا چشم خلائق میں محترم رہے گا۔

۷۸۶

۱۴۹۹	۱۵۰۲	۱۵۰۶	۱۴۹۲
۱۵۰۵	۱۴۹۳	۱۴۹۸	۱۵۰۳
۱۴۹۴	۱۵۰۸	۱۵۰۰	۱۴۹۷
۱۵۰۱	۱۴۹۶	۱۴۹۵	۱۵۰۷

جب حاجتیں پوری نہ ہوں

تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ ابھی اس کا ستارہ گردش میں ہے ایسی صورت میں قادرِ حقیقی کی بارگاہ میں بیحد عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگنی چاہیے اور طلوع

و غروبِ آفتاب کے وقت کم از کم اکیس دنوں تک یہ پڑھنا چاہیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا ھَادِیُ یَا قَدِیْمُ یَا جَلِیْلُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ بِکَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ نَحْوِسَۃِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْمِرِّیْخِ وَالْعَطَارِدِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّھَرَۃِ وَالزُّحَلِ وَالذَّنَبِ وَالرَّاسِ بِحَقِّ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ اور اگر کوئی ان پڑھ یا غیر مسلم ہو جو مذکورہ دعا کو نہ پڑھ سکے تو یہ نقش ساعت سعید میں لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے بعونہ تعالیٰ ستاروں کی نحوست جاتی رہیگی۔ نقش یہ ہے۔ .....

۳۲۳۶	۳۲۳۳	۳۲۳۸	۳۲۳۲
۳۲۳۵	۳۲۳۸	۳۲۳۴	۳۲۳۳
۳۲۳۴	۳۲۳۸	۳۲۳۰	۳۲۳۷
۳۲۳۱	۳۲۳۶	۳۲۳۵	۳۲۳۷

برائے ہر مہم

ہر قسم کی مشکلات و پریشانی کو دور کرنے کیلئے اس دعا کو اپنا ورد بنالے باذنہ تعالیٰ ہر پریشانی و مصیبت دور ہوجائے گی اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالےٰ عنہم کی محبت دل میں اتر جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِصِدْقِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّخِلَافَتِہٖ وَبِعَدْلِ عُمَرَ وَصَلَابَتِہٖ وَبِحَیَاءِ عُثْمَانَ وَسَخَاوَتِہٖ وَبِعِلْمِ عَلِیٍّ وَّشَجَاعَتِہٖ وَبِسَخَاوَتِ الْحَسَنِ وَرُتْبَتِہٖ وَشَھَادَۃِ الْحُسَیْنِ وَغُرْبَتِہٖ اَنْ تَقْضِیَ الْحَاجَاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔

فتوحات

اگر چاہے کہ فتوحات اور رزق میں وسعت رہے تو اس دعا کو اپنا وظیفہ بنالے۔ یَا اَللّٰہُ بِاسْمِکَ ابْتَدَیْتُ وَبِنُوْرِ قُدْسِکَ اھْتَدَیْتُ وَبِفَضْلِکَ اِسْتَغِیْثُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ وَاَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّھَبْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ۔ رَبِّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

الرَّاحِمِیْنَ۔

برائے ہمہ حاجات

مشائخ برکاتیہ رضویہ نے حضور محبوب الٰہی نظام الملۃ والدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل فرمایا ہے کہ جو شخص ان اسمار الٰہیہ کو وقت و دن کی پابندی کے ساتھ ایک ہفتہ تک پڑھتا ہے اس کی مشکل سے مشکل حاجات پوری ہو جائے گی بالفرض اگر اس کی حاجت پوری نہ ہو تو میں اسے اجازت دیتا ہوں کہ وہ داورِ محشر کے سامنے میرا دامن گیر ہو جائے۔ چاہیئے کہ ماہِ ثابت کے پہلے سنیچر سے اس عمل کو شروع کرے۔ طریقہ یہ ہے۔

سنیچر سورج نکلنے کے بعد دوسرے گھنٹہ میں یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ تین سو بار

اتوار	〃	〃 چھٹے 〃	〃 یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ	〃
سوموار	〃	〃 تیسرے 〃	〃 یَاصَمَدُ یَافَرْدُ	〃
منگل	〃	〃 ساتویں 〃	〃 یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ	〃
بدھ	〃	〃 چوتھے 〃	〃 یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ	〃
جمعرات	〃	〃 پہلے 〃	〃 یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامْ	〃
جمعہ	〃	〃 پانچویں 〃	〃 یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ	〃

ورد کے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود غوثیہ اور اخیر میں دعا۔ واضح ہو کہ روزانہ ساعت مشتری میں پڑھنے کی ابتدا ہو گی۔

متفرقات

بدخوابی

بدخوابی اور کثرتِ احتلام سے بچنے کیلئے سورۂ طارق پڑھ کر سونا چاہیئے۔ درمیان میں جب بھی آنکھ کھل جائے تو اس سورۂ مبارک کی تلاوت پھر کر لینی چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ برے خوابوں سے بھی محفوظ رہے گا۔ اور کثرتِ احتلام سے بھی۔ اور اگر سورۂ طارق یاد نہ ہو تو یہ پڑھ کر سو جائے۔

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ـــــ الٰہی مجھے ڈرانے اور پریشان خوابوں سے بچا اور اگر ان دونوں بیماریوں سے کسی اَن پڑھ مسلمان یا کسی غیر مسلم کو بچانا ہو تو یہ نقوش لکھ کر اسے دیئے جائیں بفضلہ تعالیٰ وہ بھی محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۲۵۴	۲۵۷	۲۶۰	۲۴۶
۲۵۹	۲۴۷	۲۵۳	۲۵۸
۲۴۸	۲۶۲	۲۵۵ ع	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۱	۲۴۹	۲۶۱

۷۸۶

۷۷۲	۷۷۵	۷۷۸	۷۶۵
۷۷۷	۷۶۶	۷۷۱	۷۷۶
۷۶۷	۷۸۰	۷۷۳	۷۷۰
۷۷۴	۷۶۹	۷۶۸	۷۷۹

برائے واپسی مفرور

اگر کوئی نوکر یا رشتہ دار بھاگ جائے اور تلاش بسیار کے بعد بھی بھاگنے والے کا پتہ نہ چل سکے تو نقش ۱ لکھ کر گھر میں کہیں چسپاں کر دے اور نقش ۲ کسی دبیز کاغذ پر لکھ کر گھر میں یا ایسی جگہ لٹکا دے کہ ہوا کے دباؤ سے ہر وقت گردش میں رہے۔ خدا نے چاہا تو مفرور بہت جلد واپس آجائے گا۔

نقش آگے صفحہ پر ہے

فرمان رضا
FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

د	ی	ع	م
٦٩	٤١	٣	١١
٤٢	٧٢	٨	٢
٩	١	٤٣	٧١

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالکریم

بھاگنے والے کا نام ماں کا نام

فلاں ابن فلانہ

نزد

فلاں ابن فلانہ

زود بیاید

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالرشید

اگر ایک ہفتہ کے اندر مفرور واپس نہ آئے تو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے مفرور جس حال میں ہوگا کل حالت خواب میں معلوم ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٤٤	٧٠	١٦٥	٦٦	١٣	٦٦	١١	١٣٠
٧٦	٤٤	٧٠	١٦٥	٦٦	١٣	٦٦	١١
٥٠	٧٦	٤٤	٧٠	١٦٥	٦٦	١٣	٦٦
٧٦	٥٠	٧٦	٤٤	×٧٠	١٦٥	٦٦	١٣
٨٠	٧٦	٥٠	٧٦	٤٤	٧٠	١٦٥	٦٦
٣٥	٨٠	٧٦	٥٠	٧٦	٤٤	٧٠	١٦٥
١٠٧	٣٥	٨٠	٧٦	٥٠	٧٦	٤٤	٧٠
١٣	١٠٧	٣٥	٨٠	٧٦	٥٠	٧٦	٤٤

احتباسِ بول

اگر کسی آدمی یا جانور کا پیشاب رک جائے یا مثانہ میں سنگ ریزے آجائیں تو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرنے کے بعد مریض کے زیر ناف باندھا جائے اور اس نقش کو پانی میں دھو کر مریض کو پلانا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر مرض جاتا رہیگا اور اگر سنگ ریزے سخت ہوں تو مسلسل

٣٢٤١	٣٢٤٥	٣٢٤٨	٣٢٣٤
٣٢٤٧	٣٢٣٥	٣٢٤٠	٣٢٤٦
٣٢٣٦	٣٢٥٠	٣٢٤٣	٣٢٣٩
٣٢٤٤	٣٢٣٨	٣٢٣٧	٣٢٤٩

چالیس دنوں تک اس نقش کا پانی پلانا چاہیئے۔

برائے فتحیابی

ہر کام اور امتحان میں کامیابی کے لئے اس طلسم کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا عمامہ میں ٹانک لے یا تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لے یہ طلسم بھی ساعت سعید میں لکھا جائے۔

١١	ح	١	ح	١١	ھ	١٢
١١٦٩٩١	١٢	ع	٧	ھ١١
١٢٩	ھ	١١١	ھ	٢٦١١

انا فتحنا لک فتحا مبینا۔ وینصرک اللہ نصرا عزیزا

عادتِ بد

اگر کوئی آدمی بُری عادتوں کا شکار ہو یا آوارہ گرد ہو، کام کرنے میں جی نہیں لگتا ہو، شراب، جُوا، اور بدکاریوں میں مبتلا رہتا ہو تو چاہیئے اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے اور ممکن ہو تو اسی نقش کو اکیس یا چالیس دنوں تک پانی میں گھول کر پلا دے۔

ح	٢	١	٣
و	ء	ع	٥

٧٨٦

٢٨٢٧	٢٨٣٠	٢٨٣٣	٢٨٢٠
٢٨٣٢	٢٨٢١	٢٨٢٦	٢٨٣١
٢٨٢٢	٢٨٣٥	٢٨٢٨	٢٨٢٥
٢٨٢٩	٢٨٢٤	٢٨٢٣	٢٨٣٤

فاللہ خیرٌ حافظاً وھو ارحم الراحمین

اگر کتّا کاٹ لے

تو کمہار کے چاک سے یا کسی جائے پاک سے تھوڑی سی مٹی لے کر دو گولیاں بنائے اور ان پر سات بار اس افسوں کو پڑھ کر دم کر دے اور یہی پڑھتا ہوا کاٹے ہوئے عضو پر گولیوں کو پھیرتا رہے دو ایک بار پڑھنے کے بعد گولیوں پر کتے کا بال نمودار ہوگا مگر سات مرتبہ پڑھے اور یہی عمل تین دنوں تک کرے۔ باذنہ تعالیٰ کتے کا کاٹا بالکل شفایاب ہو جائے گا افسوں یہ ہے۔ "بندر ناچے ریچھ بجائے کتے کا کاٹا پھر نہ آئے دہائی حضرت مخدوم اخی جمشید کی۔

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

دمِ حیض اگر بند ہو جائے

بعض عورتوں کو یہ بیماری لاحق ہو جاتی ہے جسکی وجہ سے اسکو بیحد تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ تو اگر درمیان حیض خون بند ہو جائے یا بلوغیت کی عمر کو پہنچنے کے بعد بھی دمِ حیض جاری نہ ہو تو ایسی صورت میں اس نقش کو ناف کے نیچے باندھے اور سوا مہینے تک اسی کو گھول کر پیئے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَابَاسِطُ	۳۰

خون اگر زیادہ خارج ہو

کبھی خون کے کثرت سے خارج ہونے کی وجہ سے عورتیں نقاہت اور مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔ حیض یا نفاس کا خون اگر عادت سے زیادہ خارج ہو اور رکنے کا نام نہ لے تو ان دونوں نقوش کو لکھ کر موم جامہ کر کے یا چاندی کے خول میں رکھ کر اسکے شکم پر باندھے۔ بعونہ تعالےٰ خون فوراً بند ہو جائے گا۔

۷۸۶

یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

عاملین نے اس تعویذ کے استعمال سے قبل ایک سفید مرغ کے صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے جس پر بیمار کو عمل کرنا چاہیے یہ نقش مربع بھی خون کی زیادتی کو روکنے میں آزمودہ اور بہتر ہے اس کو بھی ناف پر ہی باندھے اور بہتر ہے کہ چاندی یا تانبے کے خول میں تعویذ رکھے۔

نقش آگے صفحہ پر ہے

۷۸۶

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

یَاقَابِضُ الذِّی یَقْبِضُ بِسَمِّ خُونِ رَوَاں

اَزشکم فلاں بنت فلانہ بحق یاقابض یاقابض یاقابض

استحاضہ

جس عورت کو ایام حیض یا نفاس میں عادت سے زیادہ خون جاری ہو جائے اسے چاہیے کہ اس نقش کو گلے میں پہن لے اور جب خون کا آنا بند ہو جائے تو نقش کو اتار کر کہیں حفاظت سے رکھ دے اور جب کبھی اس قسم کی شکایت ہو تو پھر اسکو پہن لے۔

اَللّٰھُمَّ اَدْفَعْ اِسْتِحَاضَۃَ اَمَتِکَ فُلَانَہ

بنت فلانہ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمَاءَ

۷۳۲	۷۳۶	۷۳۹	۷۲۵
۷۳۸	۷۲۶	۷۳۱	۷۳۷
۷۲۷	۷۴۱	۷۳۴	۷۳۰
۷۳۵	۷۲۹	۷۲۸	۷۴۰

ہول دل

اگر کسی کو ہول دلی کا عارضہ ہو اور علاج و معالجہ کے باوجود اگر دل کی حرکت بیجا ختم نہ ہوتی ہو ذہنی پریشانی لاحق ہو اور ہر وقت موت کا خطرہ لگا رہتا ہو تو ذیل کے نقش ۱ کو چاندی یا تانبے کی تختی پر کسی مسلمان سے کھدوا کر گلے میں ڈال دے اور نقش ۲ کی ۳ کی تعویذ بنا کر نقش ۱ کیساتھ پہنے اور اسی نقش ۳/۲ کی اکتالیس نقل زعفران سے کرائے اور روزانہ نہار منہ ان کو تازہ پانی سے دھو کر پی لیا کریں۔ بفضلہ تعالیٰ چلہ کے اندر اندر ہول دلی ختم ہو جائے گی۔

(نقش آگے صفحہ پر ہے)

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyat

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

۷۸۶

۲۴	۵۹	یا اللہ
۶۵	۶۳	۶۱
۶۰	۶۷	۶۲

۷۸۶

پیشاب کی کثرت

اگر کسی کو بہت زیادہ پیشاب آتا ہو یا بچے سونے کی حالت میں پیشاب کر دیتے ہوں تو اس آیت مقدسہ کو پڑھ کر دم کر دیا جائے پیشاب کی کثرت جاتی رہے گی اور خواب کی حالت میں پیشاب کرنے کی عادت بھی ختم ہو جائے گی اور اگر چاہیں تو اس آیت کریمہ کے اعداد کا نقش بھر کر ایسے بچوں کے گلے میں ڈال دیں۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۝ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔

۷۸۶

۱۶۴۷	۱۶۵۰	۱۶۵۳	۱۶۴۰
۱۶۵۲	۱۶۴۱	۱۶۴۶	۱۶۵۱
۱۶۴۲	۱۶۵۵	۱۶۴۸	۱۶۴۵
۱۶۴۹	۱۶۴۴	۱۶۴۳	۱۶۵۴

کشادن مردبستہ

اگر کوئی مرد اپنی بیوی کی جانب رغبت نہیں کرتا ہو یا کسی نے جادو وغیرہ کے ذریعہ اسے ایسا بستہ کر دیا ہو کہ مجامعت پر قدرت نہیں رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ مرغی کے تین انڈے حاصل کرے پہلے دن ایک انڈا کو اچھی طرح جوش دے اسکے چھلکے (پوست) دور کرے اور انڈے پر روشنائی یا زعفران سے یہ آیت لکھے اور کھا جائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى

دوسرے دن حسب ترکیب بالا یہ آیت لکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالَ

مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ـــــ اور تیسرے دن ترکیب بالا یہ لکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان تین دنوں کے اندر اندر ہی جادو کا اثر جاتا رہے گا اور مریض اپنی مراد کو پہنچ جائے گا۔

برائے دفع جن

سرسوں کے خالص تیل میں چند سیاہ مرچ کو اچھی طرح پیس کر ڈال دے پھر آیت ذیل کو اکتالیس بار پڑھ کر اس تیل میں دم کر دے اور اس تیل سے روزانہ دو تین بار اسکے پورے جسم کی مالش کرے۔ دو ایک بوند اس کے کان میں اور آنکھ میں بھی ڈال دے اکیس دنوں تک یہ عمل کرتا رہے اگر جن دو تین دنوں میں ہی چلا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ وہ جن آنے کا قصد نہیں کرے گا۔ آیت مقدسہ یہ ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۝

برائے جمیع امراض

تمام بیماریوں خصوصاً خونی وبادی بواسیر سے نجات پانے کیلئے اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور سات سات بار پانی پر دم کر کے پیتا رہے چند دنوں میں ہر بیماری خاص کر بواسیر سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمۃ خواجہ محمد عمر ترکی دیوانہ بیابانی تازی سوار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

برائے دفع بلیات و مکروہات

حضور غوث صمدانی محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جو شخص اس رباعی کو بعد نماز مغرب ایک سو گیارہ بار پڑھے گا اسکی تمام حاجتیں بر آئیں گی اور آفات و بلا سے وہ محفوظ رہے گا۔ اول و آخر درود غوثیہ گیارہ بار، رباعی یہ ہے۔ الٰهِی اَنْتَ فِیْ حَالٍ مُحَوِّلٌ ۔ فَبَدِّلْ ذِلَّتِیْ بِالْعِزِّ بَدِّلْ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

فَسَهِّلْ يَا إِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ ❊ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْأَبْرَارِ سَهِّلْ

دفع قے

جو شخص قے کے عارضہ میں مبتلا رہتا ہو یا اتفاقاً بار بار قے ہونے لگے اور دل متوحش و پریشان ہو تو سورۂ طارق کو اکیس بار پڑھ کر کسی کھانے یا پینے کی چیزوں پر دم کر دے اور دو تین بار پلا دے۔ باذنہ تعالیٰ فوراً قے رک جائے گی۔ اور دل کا توحش بھی جاتا رہے گا۔ یہ عمل بارہا کا آزمودہ اور نہایت زود اثر ہے۔

دفع امراضِ قلبی

اختلاج اور دیگر امراضِ قلبی کیلئے نہایت موثر اور مجرب ہے کہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف اور درمیان میں ایک سو گیارہ بار قصیدہ بردہ شریف کا یہ مبارک شعر پڑھ کر پینے یا کھانے کی کسی چیز پر دم کر کے استعمال کرے یہ عمل لگاتار اکیس دنوں تک کرتا رہے خدا نے چاہا تو تمام امراضِ قلبی سے نجات پا جائے گا۔ شعر یہ ہے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ ❊ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

اگر اس شعر کے بعد دو سو چھپن بار یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ پڑھ لے تو اور بھی بہتر ہے۔

دفع امراضِ چشم

اگر روشنی کم ہو گئی ہو یا جالا چھا گیا ہو یا آنکھوں سے پانی آتا ہو تو درود شفا بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار اور دیگر نمازوں کے بعد سات سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگشت شہادت پر دم کر کے آنکھوں پر مل لے آنکھوں کی بیماریاں جاتی رہیں گی اور روشنی برقرار ہو جائے گی۔ اگر آنکھوں میں شکایت نہ بھی ہو تو حفظ ماتقدم کے طور پر ہر نماز کے بعد سات سات بار پڑھ کر حسب ترکیب بالا دم کر لینا بہتر ہے۔ درود شفا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْأَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْأَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

برائے قوتِ حافظہ

اس دعا کو زبانی یاد کرے اور سبق پڑھنے سے قبل یا مطالعہ کتب سے قبل گیارہ بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے پھر جو پڑھے گا بفضلہ تعالیٰ یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عِلْمًا نَافِعًا وَحِفْظًا كَامِلًا وَدِرَايَةً شَامِلَةً وَفَهْمًا زَكِيًّا وَطَبْعًا خَفِيًّا وَذِهْنًا وَافِيًا وَشَوْقًا اِلٰى تَحْصِيْلِ الْعِلْمِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ دعا مذکورہ کو عمل میں لانے سے قبل ایک ہفتہ کی یہ ترکیب بھی ضروری ہے کہ ذیلی ہدایت کے مطابق روزانہ ایک ایک دعا روٹی کے ایک ایک ٹکڑے پر لکھ کر کھالے یا کسی غبی و کم ذہن کو کھلا دے۔ پھر دعا کو حسب ہدایت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسکا ذہن کھل جائیگا اور قوتِ حافظہ مضبوط ہو جائے گی۔

سنیچر کی صبح میں روٹی کے ٹکڑے پر یہ لکھے۔ فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ طٰسٓمّٓ طٰسٓ اَلٓرٰ

اتوار " " فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ۔ ص۔ ق۔ ن

سوموار " " رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

منگل " " سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى اَللّٰهُ يَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ

بدھ " " اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ

جمعرات " " لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ الْمَصُّ كَهٰيٰعٓصٓ

جمعہ " " اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ حٰمٓ۔

دفع مورچہا

جب گھر میں یا کاشت وغیرہ میں چونٹیوں کی کثرت ہو جائے خواہ چھوٹی چونٹیاں ہوں یا بڑی تو اس آیت کریمہ کو سات یا گیارہ بار پڑھ کر پانی یا شکر پر دم کر دے اور دم کردہ پانی یا شکر کو چونٹیوں کے سوراخوں اور اس کی آمد و رفت کی جگہوں پر چھڑک دے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

FREE AMLIYAT BOOK'S GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

حَتّٰی اِذَا اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ یّٰاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ۝

دفع مگسہا

مکھیوں کی زیادتی سے جب پریشانی ہونے لگے تو چاہیے کہ دریا کا بالو حاصل کرے اور کلماتِ ذیلی کو سات یا گیارہ بار پڑھ کر ریت پر دم کردے۔ اور اس ریت کو گھر میں یا جہاں مکھیوں کی زیادتی ہو چھڑک دے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ وَاسْتَوْدَعُ اللّٰهَ دِیْنَكَ وَمَا لَكَ وَزَوْجَكَ

دفع زنبور

جب کاٹنے والی مکھیاں (بڑھنسیاں) اردگرد منڈلا رہی ہوں اور خوف ہو کہ ڈنک نہ ماردے تو تھوڑا سا نمک پانی میں ڈال کر اس عمل کو تین بار پڑھے اور پانی پر دم کردے اور اس پانی کو بڑ کے گھونسلے اور اس کے اردگرد چھینٹ دے۔ اسکی اذیت سے محفوظ رہے گا۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ اَهْیَا اَشْرَاهْیَا اَدْرُنِیْ اَحْیَاءُ وَبِحَقِّ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ۔

سانپ بچھو

اگر کسی کو سانپ کاٹ لے یا بچھو ڈنک مار دے اور وہ درد کی تکلیف سے بیچین ہو تو اس عمل کو سات بار پڑھ کر گڑ پر دم کرلے اور وہی گڑ اسکو کھلادے۔ تکلیف کی شدت جاتی رہے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَّحَیَّةٍ اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا۔

سانپ کے کاٹے کا مجرب عمل

یہ عمل شیخ المشائخ شمس الاسلام حضرت سیدنا بابا فرید گنج شکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ

سے منقول ہے جو بہت ہی مجرب اور پُراثر ہے اور عمر بھر کیلئے ایک ہی زکوٰۃ کافی ہے بشرطیکہ ادائے زکوٰۃ کے بعد وہ جھینگا اور اوجھڑی کبھی نہ کھائے اور اگر ہر سال زکوٰۃ کی تجدید کرتا رہے تو عامل کا کوئی وار خالی نہیں جائے گا۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ رمضان شریف کی ستائیسویں یا اٹھائیسویں راتوں کو نماز عشاء و وتر کے بعد تازہ وضو کرے اور کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ پھر خلوت میں جاکر بیٹھ جائے اور ان ابیات کو ایک سو پچیس ۱۲۵ بار پڑھے بس عامل ہوگیا اس کے بعد اس بات کا ضرور خیال رکھے کہ اگر کبھی رات کو کھاتے وقت چراغ بجھ جائے تو کھانے سے فوراً ہاتھ کھینچ لے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ پھر اگر سانپ کا کاٹا ہوا کوئی اس عامل کے پاس آئے تو انہیں ابیات کو تین تین بار پڑھ کر دم کردے۔ تیسری بار کٹی ہوئی جگہ پر تھوک دے، مارگزیدہ فوراً اچھا ہوجائے۔ واضح ہو کہ دم کرنے سے پہلے سانپ کے کاٹے ہوئے سے سوا سیر یا سوا کیلو شکر حاصل کرے اور اس پر چار قل و فاتحہ پڑھ کر اسکا ثواب شیخ الاسلام حضرت سیدنا بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی روح پُرفتوح کو نذر کرے۔ ابیات یہ ہیں

خدا کہے تم سنو محمد سانپ کا بکھ کیسا — پکار کرے محمد عربی جا دیکھ گھر بیٹھا
آدم چام لپٹ من ماتھے ٹھہرایا — ہانکہ مارے بکھ جھڑے نزل کرے خدا

دفع موش

اگر چوہے گھر میں یا کھیت میں کھلیان میں بہت ہوجائیں تو اسکو بھگانے کیلئے یہ نقش تین عدد لکھے جائیں اور گھر کے تین گوشوں میں دفن کردیں یا سوراخوں میں ڈال دیں اور کھیت وغیرہ کے بھی تین کونوں میں گاڑ دیں ایک کونہ چھوڑ دیں جہاں سے وہ سب بھاگ جائیں۔

۷۸۶

۱۲۷۵	۱۲۷۸	۱۲۸۲	۱۲۶۸
۱۲۸۱	۱۲۶۹	۱۲۷۴	۱۲۷۹
۱۲۷۰	۱۲۸۴	۱۲۷۶	۱۲۷۳
۱۲۷۷	۱۲۷۲	۱۲۷۱	۱۲۸۳

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دفع وساوس

نماز، تلاوتِ قرآن اور دیگر نیکیوں میں مشغولیت کے وقت جب فاسد خیالات گذرتے ہوں یا کاموں میں سستی عبادت میں کاہلی ہوتی ہو تو جمعرات یا جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد یہ سات نقش لکھے اور جمعہ سے جمعرات تک روزانہ ایک ایک نقش زم زم شریف یا تازہ پانی میں گھول کر پی جائے۔ باذنہ تعالیٰ کاہلی و سستی اور خیالات فاسدہ کا آنا بند ہو جائے گا اور اگر چاہے تو جو آیات نقش کے ارد گرد لکھی ہوئی ہیں انھیں زبانی یاد کر کے ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھ لیا کرے۔

یا رحمٰن یا رحیم

۱۷۹۲	۱۷۹۵	۱۷۹۸	۱۷۸۴
۱۷۹۷	۱۷۸۵	۱۷۹۱	۱۷۹۶
۱۷۸۶	۱۸۰۰	۱۷۹۳	۱۷۹۰
۱۷۹۴	۱۷۸۹	۱۷۸۷	۱۷۹۹

برائے سفیہہ

بیوقوفی جس کی عادت ہو بات بات پر بے وقوفی کی باتیں یا حرکتیں کرتا ہو مندرجہ ذیل طلسم کو کسی سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پرانے کپڑے میں موم جامہ کر دے اور اس کے داہنے بازو پر باندھ دے۔ بیوقوفی کے علاوہ بلاؤ آفات سے بھی محفوظ ہو جائے گا۔ استعمال سے پہلے حضرت سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ الکریم کے نام سے فاتحہ دے۔

ھ ھ ھ ھ // ✕ ۶۶۶۶۶۶ و ص م

برائے برآمدن دندان

جب دودھ کے دانتوں کے نکلنے کا وقت آتا ہے تو بچوں کو بیحد تکلیف ہوتی ہے اس تکلیف کو زائل کرنے اور دانتوں کے بے تکلف نکلنے کیلئے اس نقش کو مع آیۃ کریمہ اتوار کو لکھکر اسکے گلے میں ڈال دیں تاکہ وہ رونے دھونے سے بھی محفوظ رہے اور دانت بھی آسانی سے نکل آئے یہ تعویذ وقت شمس میں لکھی جائیگی۔ (نقش آگے صفحہ پر)

برائے دفع جنون

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ربنا لا تزغ قلوبنا

۱۴	۱۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

